مکتوباتِ امامِ ربّانی

کے ماخذ

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

تحقیقات

ڈاکٹر محمد ھمایوں عباس شمس کا علمی ذوق اور تحقیقی مزاج آغاز جوانی سے ہی اصحاب نقد کو متوجہ کر رہا ہے۔ اس سے ہر نئے لکھنے والے کو حوصلہ مندی کا پیغام ملا ہے۔ یقیناً محنت، خلوص اور وابستگی، صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہیں اور تحریر کو اعتماد عطا کرتی ہیں، ڈاکٹر ھمایوں کی تمام نگارشات، مسلسل پیش رفت کی غماز ہیں، مجھے یقین ہے کہ لگن کا یہ تسلسل بہت سے علمی کارناموں کا محرک بنے گا۔

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ سے عقیدت ومحبت ڈاکٹر ھمایوں کے خمیر میں شامل ہے، یہ عقیدت عمومی روش کے مطابق محض کرامات شماری کا رُخ بھی لے سکتی تھی کہ عقیدت کا یہی روپ ہمارے ہاں مروج ہے مگر خوش قسمتی سے ڈاکٹر ھمایوں نے عقیدت کو تحقیق کا ہالہ عطا کیا ہے، اُن کی تحقیقی روش پر عقیدت کا سایہ ضرور ہے مگر کہیں بھی اصولِ تحقیق کو دھچکا نہیں لگا۔

"مکتوباتِ امامِ ربانیؒ کے مآخذ"

جو ایک علمی وفنی مظہر ہے، نے اُن کے ذوقِ تجسس کو جلا بخشی ہے اور ساتھ ہی مکتوبات کے قارئین کو اک گونہ اعتماد عطا کیا ہے۔ مآخذ کی فہرست اور منابع کی قوت نے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے ہاں استدلال کی اساس کس قدر مضبوط ہے۔ اس سے یہ تاثر بھی زائل ہوا کہ صوفیاء کے ہاں علمی پیش رفت مطلوب نہیں ہوتی بلکہ اُن کے ہاں صرف عقیدت مندی کی کارفرمائی ہوتی ہے۔ اس فہرست سازی اور مآخذ کی تلاش نے مکتوبات کو ایک مربوط علمی نگارش ثابت کر دیا ہے جو ایک بہت ہی باوقار علمی خدمت ہے۔

ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی

سابق وائس چانسلر محی الدین اسلامی یونیورسٹی، نیریاں آزاد کشمیر
سابق ڈائریکٹر کالجز، فیصل آباد ڈویژن
سابق پرنسپل گورنمنٹ کالج، فیصل آباد (حال جی سی یونیورسٹی)

Marfat.com

مکتوباتِ امامِ ربّانی رحمۃ اللہ علیہ

کے ماٰخذ

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

تحقیقات

8-سی، محی الدین بلڈنگ، دربار مارکیٹ، لاہور

فون: 042-5033837 موبائل: 0321-8438292

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب : مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے مآخذ

مؤلف : ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس

ناشر : تحقیقات لاہور 0321-8438292

0092-42-5033837

پروف ریڈنگ : شاہد حسین محمد قاسم

خطاطی : احمد علی بھٹہ

زیر اہتمام : محمد راشد مگھالوی چوہدری محمد عمران اشرف

سن اشاعت : مئی 2008ء/جمادی الاولی ۱۴۲۹ھ

قیمت : 0 $ Rs220 روپے

لائبریری کٹیلاگ

مکتوبات امام ربانیؒ کے مآخذ محمد ہمایوں عباس، ڈاکٹر

297.4 لاہور، تحقیقات 2008ء

ص:208 1۔تصوف

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
(۱)	درالمعرفت	5
(۲)	باب اول۔مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ (مطالعہ وجائزہ)	9
(۳)	اردو زبان میں تحقیقی کام	15
(۴)	تراجم	15
(۵)	خلاصہ جات	19
(۶)	شروح وحواشی	20
(۷)	موضوعاتی مطالعہ	22
(۸)	موسوعاتی مطالعہ	24
(۹)	مقالہ جات	25
(۱۰)	مکتوبات پر فارسی عربی اور ترکی زبانوں میں تحقیقی کام	28
(۱۱)	یورپین زبانوں میں مکتوبات پر کام	29
(۱۲)	دروسِ مکتوبات	32
(۱۳)	مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کا تجزیاتی مطالعہ	34
(۱۴)	باب دوم۔مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے مآخذ	39
(۱۵)	مطالعہ کتب اور شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے رجحانات	43
(۱۶)	مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے شعری مآخذ	64

Marfat.com

(۱۷)	ضمیمہ اول: آیات قرآنی	71
(۱۸)	ضمیمہ دوم: احادیث	111
(۱۹)	ضمیمہ سوم: اشعار	139
(۲۰)	کتابیات	192
(۲۱)	Abstract	197

☆☆☆

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد و آلہ وسلم

دُرالمعرفت[1]

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ (۱۵۶۴ء/ ۹۷۱ھ.....۱۶۲۴ء/۱۰۳۴ھ) کا شمار ان اساطین امت میں ہوتا ہے جنہوں نے امت کو جرأت افکار کی حقیقت سے آگاہی بخشی۔ گفتار و کردار کے اس مجاہد نے ایک خاموش انقلاب بپا کیا۔

سرمایہ ملت کی اس نگہبانی کا نتیجہ ہے کہ شرق و غرب میں لوگ آپ کے افکار پر تحقیق کی طرف راغب ہوئے۔ اس کے لیے آپ کے مکاتیب کا انتخاب کیا گیا۔ اگرچہ آپ کے رسائل اثبات النبوۃ اور ''رسالہ تہلیلیہ'' آپ کے افکار پر بنیادی اور اہم معلومات فراہم کرتے ہیں، مگر آپ کی فکر کے مطالعہ کے لئے سب سے زیادہ توجہ ''مکتوبات امام ربانی'' پر دی گئی ہے۔ مکتوبات میں ایک موضوع پر تمام معلومات یکجا نہیں بکھری ہوئی ہیں۔ جواب دیتے ہوئے آپ نے مکتوب الیہم کی علمی سطح اور ذوق کا لحاظ بھی رکھا۔ اس وجہ سے بعض لوگوں کو مکاتیب سمجھنے میں غلط فہمیاں بھی پیدا ہوئیں بہر صورت تصوف کی دنیا میں ان مکتوبات پر بہت زیادہ توجہ دی گئی اور ان کے مختلف پہلوؤں پر علمی و تحقیقی کام ہوا۔

راقم نے اپنے شیخ حضرت علامہ محمد کریم سلطانی مدظلہ العالی کے حکم پر ''مکتوبات امام ربانی'' کا مطالعہ شروع کیا، اور ''حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیری و فقہی خدمات'' پر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان سے پی ایچ ڈی کے لئے مقالہ لکھا۔

---

[1] مقدمہ کا عنوان مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے دفتر اول کی مناسبت سے رکھا ہے، اللہ تعالیٰ مجھے معرفت کے نور سے حصہ عطا فرمائے۔

Marfat.com

۲۰۰۲ء میں ڈگری ملنے کے بعد حضرت امام ربانی کے افکار و تعلیمات کے حوالہ سے مختلف مضامین لکھتا رہا ۲۰۰۶۔۲۰۰۷ء میں .Post Doc کے لئے University of Glasgow, Glasgow جانے کا موقعہ ملا تو آپ کے پوتے شیخ عبدالاحد رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف ''الجنات الثمانیہ'' پر پروفیسر مونا صدیقی کی زیرنگرانی کام کیا۔اس طرح مسلسل کئی سال افکار مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مطالعہ سے علماء وصوفیہ نے ان مکاتیب کی اہمیت وافادیت اور عرفانی معلومات کا خزینہ ہونے کے حوالہ سے جو کہا تھا اس کی حقیقت واضح ہوگئی۔اس بات کا اعتراف بھی حقیقت ہے کہ ان کا عشر عشیر بھی سمجھ نہ سکا مگر بزرگان دین کی کتب کے مطالعہ کی برکت سے ضرور بہرہ مند ہوا۔

پاکستان میں حضرت مجدد کی فکر پر کام کروانے والے لوگوں میں ایک خاموش نام صوفی غلام سرور نقشبندی مدظلہ العالی کا ہے۔حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے افکار پر آپ کے زیر اہتمام مختلف کانفرنسز منعقد ہوتی رہتی ہیں زیر نظر کتاب کا باب دوم/۹ مارچ ۲۰۰۸ کو لاہور (سماع ہال داتا دربار) میں منعقد ہونے والی کانفرنس میں پڑھا گیا مقالہ ہے، جو ان کی اجازت سے شائع ہو رہا ہے۔

باب اول کا ابتدائی حصہ ''دی یونیورسٹی آف فیصل آباد'' میں ہونے والی کانفرنس کے لئے جناب پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر کے حکم پر لکھا۔ جسے میں بوجوہ کانفرنس میں شریک ہو کر پیش نہ کر سکا۔

باب اول میں مکتوبات امام ربانی کا تعارف اور ان پر دنیا بھر میں ہونے والے کثیر الجہتی کام کا ایک اجمالی تعارف کروایا گیا ہے۔ یہ معلومات نامکمل ہیں، مگر مکمل معلومات جمع کرنے کے لئے ایک کوشش کا حصہ ضرور ہیں۔ باب دوم میں مکتوبات امام ربانی کے مآخذ تلاش کرنے کی جستجو کی گئی ہے۔ایک ایسی شخصیت کے مکاتیب کے مآخذ

Marfat.com

تلاش کرنا مشکل ترین کام ہے جس نے اسلامی لٹریچر کی بنیادی کتب کا مطالعہ انتہائی باریک بینی سے کیا ہو اور پھر اپنی فکر رسا سے ان پر گراں قدر اضافہ بھی کیا ہو مکتوبات میں جن کتب کے حوالہ جات ملتے ہیں ان میں سے چند کا مختصر تعارف کروا دیا ہے۔ مکتوبات میں نقل ہونے والی آیات قرآنیہ، احادیث نبویہ اور فارسی و عربی اشعار بھی ضمیمہ جات میں اکھٹے کر دیئے ہیں آیات، احادیث اور کتب کے لئے Arthor F.Buchler کی ''فہارس تحلیلی ہشتگانہ'' اور سید زوار حسین شاہ کے ترجمہ مکتوبات کے اشاریہ سے مدد لی مگر جمع آوری کے زیر نظر کام میں استفادہ کے چند پہلو مذکورہ فہارس سے زیادہ جامع اور مفید ہیں۔ البتہ مکتوبات سے اشعار کی فہرست غالباً پہلی مرتبہ ترتیب دی گئی ہے۔ شاید مکتوبات امام ربانی کے مآخذ پر اس طرز کی یہ پہلی کوشش ہے۔ ترتیب اور اسلوب بیان میں بہت سے نقائص ہیں، بعد والے محققین یقیناً اس موضوع پر عمدہ کام کریں گے۔ زیر نظر کتاب کی موجودہ ترتیب کے لئے جناب محمد فاروق حیدر اور حافظ محمد نعیم کے مفید مشوروں کا راقم شکریہ ادا کرتا ہے۔

ربنا اغفرلنا ذنوبنا واسرافنا فی امرنا وثبت اقدامنا
وانصرنا علی القوم الکفرین الحمد للہ رب العلمین
والمنة اولاً و اخراً والصلوٰة والتحية علی رسوله دائما
سرمدا و علی اله الکرام وصحبه العظام الی یوم القیام.

طالب دعاء

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس شمس
شعبہ اسلامیات
جی سی یونیورسٹی لاہور

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

Marfat.com

بابِ اوّل

مکتوباتِ امامِ ربّانی رحمۃ اللہ علیہ

(مطالعہ و جائزہ)

Marfat.com

وہ ہند میں سرمایۂ ملّت کا نگہباں
اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

Marfat.com

مکتوب نگاری کے آغاز کا تاریخی طور پر تو صحیح علم نہیں ہو سکا مگر قرآن کریم نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے مکتوب مبارک کا ذکر فرما کر دعوت و تبلیغ میں مکاتیب کی اہمیت وافادیت کو واضح کر دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکاتیب مبارکہ نے دعوت وارشاد میں مکتوب نگاری کے اسلوب کو سنت کا درجہ دے دیا۔ مجددی سلسلہ کے صوفیہ نے اس سنت پر عمل کرتے ہوئے مکاتیب کو اپنے پیغام کی نشر واشاعت کا ذریعہ بنایا اس سنت نبویہ کا یہ اثر ہوا کہ دسویں صدی ہجری میں مکتوبات امام ربانی نے ایک باطل فکر کو مٹایا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس اتباع کے نتیجہ میں آپ کے مکاتیب نے علمی وفکری اور دعوتی وتحریکی میادین میں اپنی تاثیر واہمیت کو منوایا۔ مکتوبات نبوی اور مکاتیب خلفائے راشدین کے بعد سب سے زیادہ کام ''مکتوبات امام ربانی'' پر ہوا ہے۔

ان خطوط کے مخاطبین میں امراء، علماء، صوفیاء اور آپ کے تلامیذ واعزہ شامل ہیں۔ مکاتیب کے مخاطبین مخلوط ہیں۔ ایسا نہیں کہ ایک مخاطب کے نام تمام خطوط یکجا مل جائیں۔ حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے خطوط تین دفاتر پر مشتمل ہیں:

دفتر اول:

یہ ۳۱۳ مکتوبات پر مشتمل ہے۔ اور درالمعرفت کے نام سے موسوم ہے۔ یہ ۱۶۱۶ء/۱۰۲۵ھ میں قلعہ گوالیار میں محبوس ہونے سے تین برس قبل جمع ہوا اور انہیں خواجہ یار محمد بدخشی رحمۃ اللہ علیہ نے جمع کیا۔ دفتر اول کے مکتوبات میں آپ نے تصوف کے تمام مقامات واحوال مثلاً عروج وھبوط، فنا وبقا، مراقبہ ومشاہدہ، جذب وسلوک، جلال وجمال، ذات وصفات حق تعالیٰ، مقام عبدیت اور سیر الی اللہ وغیرہ کو تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔

Marfat.com

دفتر دوم:

دوسرے دفتر میں اسمائے حسنیٰ کے مطابق ۹۹ مکتوبات درج ہیں اور یہ نورالخلائق کے نام سے مشہور ہے۔ ۱۶۱۹ء میں انہیں خواجہ عبدالحئ نے جمع کیا۔ اس دفتر میں اگرچہ خطوط کی تعداد کم ہے لیکن اکثر بڑے مفصل ہیں۔ ان میں اسلامی نظریات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

دفتر سوم:

یہ دفتر قرآن کی سورتوں کے مطابق ۱۱۴ مکتوبات پر مشتمل ہے۔ اس دفتر کی ترتیب وتدوین کا کام میر محمد نعمان رحمۃ اللہ علیہ نے شروع کیا۔ اور تکمیل خواجہ محمد ہاشم رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۶۲۲ء میں کی۔ ان میں وہ مکاتیب بھی شامل ہیں جو اس وقت لکھے گئے جب حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ قلعہ گوالیار میں قید تھے یا لشکرِ شاہی کے ہمراہ تھے۔ یہ دفتر معرفۃ الحقائق کے نام سے موسوم ہے۔ بعد میں دس مکاتیب کا اضافہ ہوا۔ اس طرح کل تعداد ۱۲۴ ہوگئی۔ اس دفتر میں تصوف کے مباحث شریعت کے مباحث سے کم ہیں

اس طرح یہ کل ۵۳۶ مکتوبات ہیں۔ اور مکتوب الیہم کی تعداد ۱۹۲ ہے۔ یہ خطوط مختلف افراد کو مختلف موضوعات اور مسائل پر لکھے گئے ہیں لیکن نفس مضمون کے اعتبار سے دوسرے افراد کے لیے بھی دلچسپی کا باعث ہیں۔ تقریباً دو تہائی مکتوبات آپ سے پوچھے گئے سوالوں کے جوابات کی صورت میں ہیں۔ تقریباً نصف خطوط بیس سے کم سطروں کے ہیں تاہم کچھ بیس صفحات پر بھی مشتمل ہیں۔

اصل موضوع کی تفصیلات بیان کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ ان مکاتیب کی اہمیت وافادیت اور اثر انگیزی پر چند آراء نقل کی جائیں۔

Marfat.com

(۱) دفتر دوم کے جامع عبدالحی بن خواجہ چاکر حصاری لکھتے ہیں:

فَهٰذِهٖ مَكَاتِيْبُ مُتَضَمِّنَةٌ لِعُلُوْمٍ غريبةٍ وَّ معَارفَ عَجِيبَةٍ وَّاَسْرارٍ لطيفَةٍ وَّدَقَائِقَ شَرِيفَةٍ مَا تَكَلَّمَ بِهَا اَحَدٌ مِّنَ الْعُرَفَاءِ ومَا اَشَارَ اِلَيْهَا وَاحِدٌ مِّنَ الاَوْلِيَاءِ مُقْتَبَسَةٌ مِّنْ مِشْكٰوةِ اَنْوَارِ النُّبُوَّةِ.

[مکتوبات امام ربانی، ابتدائیہ دفتر دوم، مکتبہ احمدیہ مجددیہ، بلوچستان، ص:۲]

یہ وہ مکتوبات ہیں جو علوم غریبہ، معارف عجیبہ، اسرار لطیفہ اور دقائق شریفہ پر مشتمل ہیں، جن کو عرفاء میں سے کسی عارف نے بیان نہیں کیا اور نہ ہی اولیاء میں سے کسی ولی نے ان کی طرف اشارہ کیا۔ یہ علوم و معارف انوار نبوت کے مشکوۃ سے لئے ہوئے ہیں۔

(۲) حضرت خواجہ ہاشم کشمی لکھتے ہیں:

زہر یک نقطہ اش چون نافہ تر
شمیم وصل جانان میزندسر
ولے آن کز برودت درزکام است
چہ داند نافہ اش گردر مشام است

[دیباچہ دفتر سوم، ص:۲]

(۳) سید محمد میاں لکھتے ہیں:

"اسی الف ثانی کے مجدد حضرت امام ربانی شیخ احمد سرہندی رَحْمَۃُ اللّٰہ عَلَیْہ ہیں جن کے علوم و معارف نے ابنائے کفر و ضلالت میں تہلکہ مچادیا اور جن کی نور پاش ہدایتوں نے تاریک سینوں کو منور کر دیا۔ حضرت مجدد رَحْمَۃُ اللّٰہ عَلَیْہ کی تعلیمات کو دیکھو اور سب گوشے سامنے نہ آسکیں تو ایک مکتوبات ہی پر نظر ڈالو کہ علوم ظاہر و باطن کا ایک سمندر ہیں جس کی تہ کا کہیں نشان نہیں ملتا اگر ایک طرف قلب و روح کے مخفی مقامات کا پردہ فاش ہو رہا ہے تو

دوسری طرف حقائق شرعیہ اور اسرار فقہیہ منصۂ شہود پر آتے جارہے ہیں اگر ایک طرف کتابِ روح کے غیر محسوس اوراق الٹ رہے ہیں تو دوسری طرف ہدایہ وتوضیح کے علمی مقامات کھل رہے ہیں اگر ایک طرف رجالِ غیب سے رابطہ کا ذکر ہے تو علماء وطلباء کی محبت کے جذبات بھی انہیں مکتوبات سے ہویدا ہورہے ہیں۔ جہاں علم کی موجیں اٹھ رہی ہیں وہیں خوارق وکرامات کا سمندر بھی امنڈ رہا ہے۔''

[سید محمد میاں، علماء ہند کا شاندار ماضی، مکتبہ رشیدیہ، کراچی ۱۹۹۱، جلد اول، ص:۲۴۷]

(۴) سید عبدالحکیم لکھتے ہیں:

''کتاب اللہ اور احادیث نبویہ کے بعد کتب اسلامیہ میں سب سے افضل کتاب امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات ہیں''۔

[زوار حسین، سید، حضرت مجدد الف ثانی، رحمۃ اللہ علیہ، ص:۳۸۲]

(۵) مکتوبات شیخ یحییٰ منیری اور مکتوبات امام ربانی کا علمی وفکری اعتبار سے موازنہ کرتے ہوئے شمس بریلوی رقم طراز ہیں:

''شیخ شرف الدین یحییٰ منیری کے مکتوبات اور امام ربانی قدس سرہٗ کے مکتوبات تصوف کی بلند پایہ اور گراں مایہ تصانیف کے مقابل رکھے جاسکتے ہیں۔ اپنی کثرت وتنوع موضوعات اور تشریح وتصریح کے لحاظ سے یہ مکتوبات (امام ربانی) زیادہ وقیع اور جامع ہیں۔ امام ربانی کی حیات سے لے کر اس لحہ تک ان کی قبولیت میں سر مو فرق نہیں آیا۔ بلکہ روز افزوں ہے۔ جو نتیجہ ہے اس کا کہ ہر چہ از دل خیزد بر دل ریزد''۔

[شمس بریلوی، مقدمہ اردو ترجمہ عوارف المعارف، پروگریسو بکس لاہور، ۱۹۹۸، ص:۱۰۱]

Marfat.com

اردو زبان میں تحقیقی کام

اردو ادب کے نکھارنے اور سنوارنے میں مجددی صوفیہ کا نا قابل فراموش کردار ہے۔ شیخ عبدالاحد وحدت گل (۱۰۵۰ھ-۱۱۲۶ھ) حضرت مظہر جان جاناں (۱۱۱۳ھ-۱۱۹۵ھ) ،انعام اللہ خاں یقین (م:۱۱۶۹ھ) ،میر محمد باقر حزیں (م:۱۱۶۵ھ) ،محمد فقیر دردمند (م:۱۱۷۹ھ) اور خواجہ میر درد (۱۱۳۳ھ-۱۱۹۹) سلسلہ مجددیہ کے وہ نامور شعراء ہیں جنہوں نے اس زبان کو تصوف آشنا کیا۔شاید یہی وجہ ہے کہ مکتوبات امام ربانی پر سب سے زیادہ کام اسی زبان میں ہوا۔مکتوبات پر اردو زبان میں ہونے والے علمی و تحقیقی کام کو درج ذیل شعبوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:-

(۱) تراجم (۲) خلاصہ جات

(۳) شروح وحواشی (۴) موضوعاتی مطالعہ

(۵) موسوعاتی مطالعہ (۶) مقالہ جات

(۷) اشاریہ سازی

(۱) تراجم:

(ا) مکتوبات امام ربانی کے پہلے اردو ترجمہ کی ضرورت اور تراجم کے بارے میں قاضی عالم الدین لکھتے ہیں:

''جناب حضرت غوث صمدانی قطب ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

کے مکتوبات شریف سے جناب قبلہ عالم حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو بہت شغف تھا۔ چونکہ مکتوبات شریف نہایت دقیق فارسی زبان میں تھے جن کا سمجھنا تو درکنار، عوام الناس کے لئے صرف فارسی عبارت پڑھنی صحیح طور پر محال تھی۔ خاص خاص علمائے ربانی کے سوا ایسی دقیق کتاب کا سمجھنا بہت مشکل تھا۔ چونکہ مکتوبات شریف میں اکثر مسائل شرعیہ کی تشریح وتوضیح اور نکات بیان کئے گئے ہیں۔ اس مشکل کو رفع کرنے کے لئے حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کمر ہمت باندھی اور ایک سرحدی مولوی صاحب سے ترجمہ کرایا اور قاضی محمد حسن صاحب مرحوم ساکن موضع کالس ضلع جہلم سے جو کہ حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء سے تھے اور ایک عالم اجل ہونے کے علاوہ بڑے خوشنویس اور کاتب تھے۔ تینوں دفتر تین ضخیم جلدوں میں بمعہ اصل فارسی اور بین السطور اُردو ترجمہ لکھوایا جو مدت مدید دربار عالیہ میں رہے۔ [مجموعہ گلزار حافظ عبدالکریم، ص:۲۹۱]

(ب) حضرت خواجہ عبدالکریم نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی کاوشوں سے دوسرا ترجمہ ہوا۔ قاضی عالم الدین نے اس ترجمہ میں خواجہ صاحب کی توجہات، دلچسپی اور ترجمہ کی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:

''یہ تمام جناب حضرت صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نظر کیمیا اثر کا نتیجہ ہے بعض مقامات ایسے تھے کہ جن کا سمجھنا سوائے صاحب حال کے محال تھا۔ جناب حضرت صاحب نے اپنی زیر نگرانی اس مسکین سے یہ کام کرایا۔'' [مجموعہ گلزار، حافظ عبدالکریم، ص:۲۹۲]

مکتوبات کا یہ ترجمہ فنی اعتبار سے بہترین ہے اور قاضی عالم الدین صاحب کی اردو ادب سے وابستگی کا ثبوت ہے۔ مکتوبات میں تصوف کی اصطلاحات کو انتہائی آسان پیرائے میں ترجمہ کی کوشش کی ہے۔ بہر صورت یہی نقش اول بعد والے ترجموں کی بنیاد بنا۔

۱۹۱۳ء میں اس ترجمہ کا دوسرا ایڈیشن ملک فضل الدین (اللہ والے کی قومی دکان

کشمیری بازار لاہور) نے شائع کروایا۔ بعدازاں متعدد اداروں نے اسے شائع کیا۔

۲۰۰۴ میں کمپیوٹر پر کمپوز شدہ ترجمہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوا۔ آغاز میں محمد عالم مختار حق کا "پیش گفتار" کے عنوان سے مقدمہ ہے جس میں مکتوبات کی اشاعتوں کی تفصیل دیکھی جا سکتی ہے۔

(ج) مکتوبات امام ربانی کا معروف ترین ترجمہ مولانا سعید احمد نقشبندی کا ہے۔ آپ ایک طویل عرصہ تک حضرت شیخ علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد میں خطیب رہے۔ سلسلہ نقشبندیہ میں سید نور الحسن شاہ بخاری خلیفہ میاں شیر محمد شرقپوری سے فیض پایا۔ چونکہ مولانا نور محمد رحمۃ اللہ علیہ کے محشیٰ مکتوبات کے پروف بھی آپ نے پڑھے تھے، اس لئے اس ترجمہ میں اضافی کام، حوالہ جات کا ہوا ہے۔ مکتوبات میں مندرج احادیث کے بارے میں بتادیا کہ یہ کس کتاب میں ہیں۔ بعض مقامات پر حواشی تحریر کردیئے۔ قاضی عالم الدین نے اشعار کو شعری صورت میں ہی ترجمہ کا رنگ دیا تھا، لیکن مولانا سعید نقشبندی نے یہ ترجمہ نثر کی صورت میں کیا۔ باقی رہا مکتوبات کا ترجمہ تو یہ پہلے ترجمہ سے زیادہ مختلف نہیں۔ بعض مقامات پر بعینہ پہلے ترجمہ والی عبارات نقل کردی ہیں۔ مولانا ایک مصروف شخصیت تھے مگر اس کے باوجود جنوری ۱۹۷۰ء میں کام شروع کر کے جون ۱۹۷۳ء تک اڑھائی برس میں اس ترجمہ کی تکمیل کردی۔ حکیم محمد موسیٰ امرتسری کی تحریک پر یہ کام مکمل ہوا۔ انہوں نے اس کام پر مکتوبات کے حوالہ سے ایک مبسوط مقدمہ لکھا۔ شاید یہی مقدمہ اس ترجمہ میں ایک نئی روح ہے، جس نے مکتوبات پر کام کے لئے لوگوں کو زندگی بخشی۔

(د) سید زوار حسین شاہ کا ترجمہ بھی اہل علم کے ہاں معروف و متداول ہے۔ یہ مکمل شاہ صاحب کا ترجمہ نہیں اس کے بعض اجزاء کا ڈاکٹر حافظ محمد عادل نے ترجمہ کیا ہے۔ اس کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

Marfat.com

۱۔ جو مکتوبات عربی زبان میں ہیں ان کی پیشانی پر لفظ عربی درج کردیا ہے تاکہ معلوم ہوسکے کہ اصل مکتوب عربی زبان میں ہے۔

۲۔ ہر مکتوب جس صفحہ سے شروع ہوا ہے اس کے فٹ نوٹ میں مکتوب الیہ کا مختصر تعارف دے دیا ہے تاکہ معلوم ہوسکے کہ مکتوب الیہ کون بزرگ ہیں اور کس حیثیت کی شخصیت ہیں ان کے نام مکتوبات کی تعداد اور کس دفتر اور کس نمبر کے مکتوبات ہیں۔

۳۔ مکتوب کے اندر بھی جن بزرگوں کا اسم گرامی آیا ہے ان کا مختصر تذکرہ اسی صفحے کے فٹ نوٹ میں دے دیا ہے۔

۴۔ آیات کا حوالہ بھی دے دیا گیا ہے۔

۵۔ اصطلاحات کی وضاحت کردی گئی ہے۔

۶۔ احادیث کی تخریج کے لیے تشیید المبانی اور مولانا نور احمد امرتسری علیہ الرحمۃ کے حواشی سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

۷۔ مضامین کو واضح کرنے کے لیے حاشیہ پر عنوانات بھی قائم کردیے گئے ہیں۔

۸۔ کتاب کے آخر میں اشاریہ کو حسب ذیل عنوانات کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے۔ آیات قرآنی، احادیث مبارکہ، عبادات، مقولے، مصطلحات، اسماء الرجال، اسماء الاشیاء، اسماء الکتب، اسماء البلاد، سنہ و ماہ۔

[ترجمہ مکتوبات امام ربانی، ادارہ مجددیہ کراچی، جلد اول، ص:۲۹-۳۰]

(ہ) انڈیا سے نجم الدین اصلاحی کا ایک ترجمہ بھی شائع ہوا لیکن اس کی تفصیلات تاحال معلوم نہ ہوسکیں۔

Marfat.com

(۲) خلاصہ جات

مکتوبات کو عام فہم بنانے کے لئے بعض احباب نے ان کی تلخیص بھی شائع کی ہے۔ چند نام درج ذیل ہیں:

(۱) تلخیص مکتوبات مشمولہ سوانح عمری حضرت مجدد الف ثانی از محمد احسان اللہ عباس۔

[محمد عالم مختار حق، پیش گفتار مکتوبات امام ربانی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۴ء]

(۲) خلاصہ مکتوبات امام ربانی (تین جلد) از شاہ ہدایت علی نقشبندی اس خلاصہ کی ضرورت اور منہج پر روشنی ڈالتے ہوئے شاہ ہدایت علی نقشبندی نے لکھا ہے: "علوم سمٰوٰت اورارض اور کتب ہائے آسمانی کا خلاصہ اور معارف مجملاً اور مفصلاً ان مکتوبات میں ہیں۔ اس لئے میں نے یہ خیال کیا کہ حضرت امام مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے پُر مغز مکتوبات کے فیضان سے بوجوہات متذکرہ بالا اکثر مسلمان محروم ہیں اور بعض کو علم کی کمی یا وقت مطالعہ نہ ملنے سے مکتوبات شریف سے پورا فائدہ نہیں پہنچتا۔ لہٰذا تو ان مکتوبات کا زبان اُردو میں خلاصہ کر، تاکہ عام مسلمان ان کے فیض سے مستفیض ہوں۔ اور جس جگہ باوجود اُردو کرنے کے بھی مضمون ذرا ادق ہے اُس جگہ لفظ آگاہی لکھ کر شرح کر دینا چاہیے تاکہ پڑھنے والا خوب سمجھ سکے۔ لہٰذا میں نے بفضلہ تعالیٰ اول اور دوسری تیسری تینوں جلدوں کا اُردو زبان میں بامحاورہ خلاصہ کیا ہے اور اصطلاحات نقشبندیہ مجددیہ کی ایک فہرست کتاب کے اوّل میں لگا دی ہے۔ ان مکتوبات کے مطالعہ فرمانے والے صاحب پہلے اصطلاحات کو پڑھ کر ذہن نشین کر لیں پھر مکتوبات کو پڑھیں انشاء اللہ مطالب مکتوبات اور عبارات خوب سمجھ میں آ جائیں گی۔ [خلاصہ مکتوبات امام ربانی، جلد:۳، ص:۶]

(۳) تجلیات امام ربانی: نسیم احمد فریدی [ادارہ تعلیمات مجددیہ، لاہور]

Marfat.com

(۳) شروح وحواشی

(i) مکتوبات کی اردو میں صرف ایک نامکمل شرح دستیاب ہے، جسے علامہ سعید مجددی (م:۲۰۰۲ء) نے تحریر کیا۔ اب تک تین جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ دفتر اول کے ۲۷۶ مکتوبات کی شرح آپ نے مکمل کی تھی۔ اس شرح کی خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہوئے جناب اقبال مجددی لکھتے ہیں:

۱۔ مکتوبات کے مندرجات کو قرآن وحدیث سے مؤید کیا گیا ہے۔

۲۔ نفسِ مضمون کو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔

۳۔ مکتوبات میں شامل اصطلاحات تصوف کو پہلی مرتبہ اتنی وضاحت کے ساتھ مکتوبات کے سیاق وسباق میں سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

۴۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ خود حنفی تھے اور مکتوبات میں فقہ حنفی کے مطابق مسائل کا استنباط کیا ہے۔ یہ بجائے خود ایک وسیع موضوع ہے کہ مکتوبات شریفہ میں شامل مسائل فقہیہ کی فقہ حنفی کے مطابق تطبیق کی جائے خدا کا شکر ہے کہ مؤلف البینات نے شرح کے دوران یہ اہم فریضہ بھی انجام دینے کی سعی فرمائی ہے۔

۵۔ مکتوبات میں شامل احادیث نبویہ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کی تخریج ایک دقیق ترین مرحلہ ہے لیکن آج کے دور میں چونکہ احادیث کے انڈیکس طبع ہو چکے ہیں اور حدیث کے ذخائر کمپیوٹرز میں منتقل ہو چکے ہیں اس لئے اب یہ مرحلہ طے ہو جانا چاہیے۔ ہمارے شارح بزرگ نے اس مقام پر بھی سعی تمام فرمائی ہے اور احادیث مقتبسہ کو ان کے اصل متون سے مطابقت دے دی ہے۔

۶۔ مکتوبات کی شرح کے دوران ایک مرحلہ اور دشوار گزار ہے کہ اس میں روحانی

Marfat.com

مقامات کا اندراج جس طریقہ سے ہوا ہے آج کا قاری ان مقامات کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ ان مقامات کو صرف وہی سمجھا سکتا ہے جس پر یہ واردات ہوئے ہوں اور عملی طور پر وہ خود شیخ طریقت بھی ہو وہ ان روحانی کیفیات کا ادراک کر کے اسکی شرح کر سکتا ہو۔ ہمارے بزرگ شارح چونکہ خود ایک محقق عالم دین ہیں اور نہ صرف سلسلہ عالیہ نقشبندیہ بلکہ دیگر سلاسلِ طریقت (قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، شاذلیہ وغیرہا) کے پیرِ ماذون ہیں اس لیے انہوں نے ان تمام روحانی مراحل کو بڑے احسن طریقے سے سلجھایا ہے۔

۷۔ اس شرح کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ شارح نے علوم اسلامیہ کے متعارف سارے مآخذ سامنے رکھ کر شرح کی ہے اور ہر مقام کو مستند بنانے کے لیے ان کے حوالے بھی دیے ہیں گویا اس شرح پر علمی تحقیقات کا رنگ غالب ہے۔

۸۔ شارح بزرگ نے اس شرح میں یہ التزام کیا ہے کہ پہلے مکتوبات شریف کے جس حصہ کی شرح کرنا ہے اس کا فارسی متن نقل کیا ہے اس کے بعد اس کا اُردو ترجمہ دیا ہے اور پھر اس کی شرح بیان کی ہے اس شرح میں حتی الامکان ایسے تمام نکات یکجا کر دیے ہیں جن کا اس اقتباس کے فہم و تفہیم کے لیے ہونا لازم ہے۔ قابل شرح اقتباس کی مکتوبات میں سے دوسرے جن جن مقامات سے توضیح ہو سکتی تھی اس مقام پر وہ بھی نقل کر کے اسے آسان بنانے کی کوشش کی ہے۔

[اقبال مجددی، مقدمہ البینات شرح مکتوبات، تنظیم الاسلام پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۲ء، ص: ۸۴-۸۵]

(ii) مکتوبات کا ایک مختصر حاشیہ جو دراصل نور محمد امرتسری کے حواشی کا ترجمہ ہے بعض مفردات کے معانی سمیت آستانہ عالیہ حبیبیہ گجرات سے شائع ہو رہا ہے۔ ۲۲۰ مکتوبات پر مشتمل تین جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔

Marfat.com

(۴) موضوعاتی مطالعہ

مکتوبات کے مضامین میں تنوع ہے۔ صاحبان علم نے ایک موضوع یا مختلف موضوعات کے مکتوبات کو مختلف عنوانات کے تحت جمع کیا ہے تا کہ مکتوبات میں زیر بحث موضوعات کا تحقیقی مطالعہ ہو سکے اور ان کی روشنی میں متعلقہ عنوان سے متعلق حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے جانی جا سکے۔ چند نام درج ذیل ہیں۔

(۱) تصوف اور شریعت: ڈاکٹر محمد عبد الحق انصاری

تصوف اور شریعت سے متعلقہ حضرت مجدد الف ثانی کے افکار کا یہ نہایت عالمانہ تجزیہ ہے۔ دو جلدوں میں شائع ہونے والی اس کتاب کے چند عنوانات درج ذیل ہیں:

باب اول: شیخ مجدد الف ثانی: حیات اور کارنامے

باب دوم: تصوف کیا ہے؟

باب سوم: شریعت اور تصوف

باب چہارم: وحدۃ الشھود

باب پنجم: اسلامی تصوف کے خدوخال

[کتاب کا دوسرا ایڈیشن ۲۰۰۴ء میں مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی سے شائع ہوا]

(۲) مکتوبات بحیثیت مآ غذ ایمانیات، از پروفیسر عبد الباری صدیقی۔

[سرہند پبلی کیشنز کراچی سے ۱۹۸۵ء میں شائع ہوئی]

(۳) تجلیات امام ربانی: عبد الحکیم اختر شاہ جہاں پوری

[مکتبہ نبویہ لاہور سے ۱۹۷۸ء میں شائع ہوئی]

(۴) مسلک امام ربانی مکتوبات کی روشنی میں: محمد سعید نقشبندی

[مکتبہ حامدیہ لاہور سے شائع ہوئی]

(۵) حضرت مجدد الف ثانی کے سیاسی مکتوبات: آبادشاہ پوری

[مکتبہ چراغ اسلام لاہور، ۱۹۷۷ء میں شائع ہوئی]

(۶) صحابہ کرام مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی کے آئینے میں: پیرزادہ اقبال احمد فاروقی

[مکتبہ نبویہ لاہور سے ۱۹۹۱ء میں شائع ہوئی]

(۷) مجدد الف ثانی اور امام احمد رضا: غلام مصطفیٰ مجددی

[مرکزی مجلس رضا لاہور، ۱۹۹۶ء]

(۸) مسلک مجدد: میاں جمیل احمد شرقپوری۔ [مکتبہ شیر ربانی شرقپور]

(۹) عقائد اہل سنت و جماعت: صوفی غلام سرور۔

[شیر ربانی پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۰۸]

(۱۰) کشف المعارف: عنایت عارف

اس کتاب کے تعارف میں مرتب نے اپنے مقصد کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے: ''کشف المعارف'' درحقیقت مکتوبات شریف کے تمام اہم اور ضروری حصوں کو مختلف عنوانات کے تحت یکجا کر کے پیش کرنے کی ایک حقیر سی کوشش ہے۔ چونکہ تمام مکتوبات شریف اس زمانے کے مختلف لوگوں کے نام صادر ہوئے ہیں اور تمام معارف ان مکتوبات میں منتشر اور بکھرے ہوئے ہیں اس لیے راقم الحروف نے یہ سعی ناتمام کی ہے جس کا انحصار محض اللہ کے فضل پر ہے کہ موضوع کے بارے میں تمام مکتوبات میں جو علوم و معارف بیان فرمائے گئے ہیں انہیں علیحدہ علیحدہ عنوانات کے تحت تلخیص کے ساتھ جمع کر دیا جائے تاکہ قاری جس موضوع یا عنوان کے تحت ان معارف اور علوم کو سمجھنا چاہے اسے ایک ہی جگہ وہ سب کچھ مل جائے تاکہ عام

Marfat.com

لوگوں کو بھی معلوم ہو سکے کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ جیسی عظیم اور بلند مرتبہ شخصیت نے کن مسائل پر کیا گفتگو فرمائی ہے اور حقائق و معارف کے انمول موتیوں کو کس طرح الفاظ کے پردوں میں چھپا کر پیش کیا ہے۔ اگر عام پڑھے لکھے اور دین اسلام سے دلچسپی رکھنے والے افراد ''کشف المعارف'' میں دیئے گئے عنوانات کے تحت مکتوبات شریف کے اہم اقتباسات اور معارف کو بغور پڑھ لیں تو اسلامی تصوف، سیر وسلوک اور طریقت کے علاوہ خود اسلام کے بارے میں ان کی بہت سی غلط فہمیاں رفع ہو سکتی ہیں اور انہیں اصل حقائق سے روشناس ہونے میں بڑی مدد مل سکتی ہے۔

[عارف، محمد عنایت اللہ، کشف المعارف الفیصل ناشران وتاجران کتب لاہور، ۲۰۰۲ء، ص: ۲۷]

(۱۱) حضرت امام اعظم حضرت مجدد الف ثانی کی نظر میں: عبدالحکیم اختر شاہ جہان پوری۔ [جامع مسجد قادریہ شیر ربانی لاہور]

(۱۲) امام ربانی اور اتباع رسولِ گرامی: ابوالخیر ڈاکٹر محمد زبیر

[مکتبہ جمال کرم لاہور]

(۱۳) ارشادات مجدد الف ثانی: انتخاب وعنوانات از مولانا محمود اشرف عثمانی۔

[ادارہ اسلامیات لاہور، ۱۹۹۶ء]

(۵) موسوعاتی مطالعہ

''جہان امام ربانی'' کے نام سے ۱۱ جلدوں میں اور ''باقیات جہان امام ربانی'' ۳ جلدوں میں ڈاکٹر محمد مسعود احمد رحمۃ اللہ علیہ کی زیرنگرانی یہ موسوعاتی طرز کا کام امام ربانی فاؤنڈیشن نے شائع کیا ہے۔ ان ۱۴ جلدوں کا ایک کثیر حصہ مکتوبات کے حوالہ سے اہم مضامین پر مشتمل ہے۔ اگرچہ موسوعاتی طرز کے اس کام میں معلومات کا تکرار، گراں گذرتا

Marfat.com

ہے مگر ڈاکٹر مسعود احمد رحمۃ اللہ علیہ نے بہر صورت مواد کو ایک جگہ جمع ضرور کر دیا ہے۔ اس کام کی بنیاد پر ایک نیا ''موسوعہ امام ربانی'' منظر عام پر آئے گا۔

(۶) مقالہ جات

یہاں دو طرح کے مقالہ جات کے حوالہ سے تذکرہ کرنا چاہتا ہوں۔

(ا) مکتوبات کے حوالہ سے مختلف کانفرنسز میں پڑھے گئے مقالات کے مجموعہ جات۔ ان مقالات کی اکثریت مکتوبات کے حوالہ سے موضوعاتی مطالعہ پر مشتمل ہے۔

(i) فکر اسلامی کے فروغ میں شیخ احمد سرہندی کی خدمات

۲۰۹ صفحات پر مشتمل اس مجموعہ میں ۱۲ مقالات شامل ہیں۔ اس مجموعہ میں وہ مقالات ہیں جو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی انڈیا میں منعقد ہونے والے ایک دو روزہ سیمنار (۱۹-۲۰ مارچ ۲۰۰۶ء) میں پڑھے گئے۔ عبدالعلی اور ظفر الاسلام نے ان کو مرتب کیا اور ادارہ علوم اسلامیہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے ۲۰۰۵ء میں ان کو شائع کیا۔

(ii) حضرت مجدد الف ثانی (افکار و تعلیمات)

یہ مجموعہ مقالات صاحبزادہ ساجد الرحمٰن نے مرتب کیا اور یہ ان تحقیقی مقالات پر مشتمل ہے جو بگھار شریف کہوٹہ میں ایک روزہ سیمنار (۴ مارچ ۲۰۰۷ء) کے موقع پر اہل علم نے پڑھے۔

(iii) ارمغان امام ربانی

مقالات کا یہ مجموعہ صوفی غلام سرور نقشبندی نے مرتب کیا اور شیر ربانی پبلی کیشنز لاہور نے ۲۰۰۷ء میں شائع کیا۔ یہ مقالات ۲۴ اپریل ۲۰۰۵ء میں ایوان اقبال لاہور میں منعقدہ مجدد الف ثانی قومی کانفرس میں پڑھے گئے۔ یہ کتاب ۴۲۵

Marfat.com

صفحات پر مشتمل ہے۔

(iv) فکر امام ربانی

۱۸ مارچ ۲۰۰۷ء میں ہمدرد ہال لاہور میں پڑھے گئے مقالات کے اس مجموعہ کو صوفی غلام سرور نقشبندی نے مرتب کیا اور شیر ربانی پبلی کیشنز نے ۲۰۰۸ء میں شائع کیا۔

(ب) وہ تحقیقی مقالات جو ایم اے/ ایم فل/ پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لئے لکھے گئے۔

(i) مکتوبات امام ربانی کی دینی اور معاشرتی اہمیت، سندھ یونیورسٹی جام شورہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لئے ڈاکٹر سراج احمد خاں کا مقالہ ہے جو شائع ہو چکا ہے۔

(ii) مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی: تخریج احادیث

ڈاکٹر بابر بیگ مطالی کا مقالہ جو پنجاب یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کے لئے لکھا گیا۔

(iii) مکتوبات امام ربانی کی تاریخی تعیین

ڈاکٹر محمد انصار خاں کا یہ مقالہ سندھ یونیورسٹی جامشورو میں پی ایچ ڈی کے لئے لکھا گیا۔ [تفصیلات کے لئے جہان امام ربانی جلد اول ملاحظہ فرمائیں]

(iv) حضرت مجدد الف ثانی کی تفسیری اور فقہی خدمات

ڈاکٹر ھمایوں عباس کا یہ مقالہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے حصول کے لئے لکھا گیا۔

(v) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیری خدمات

ایم اے کی تکمیل کے لئے یہ مقالہ محمد زاہد نے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں لکھا۔

Marfat.com

(vi) ڈاکٹر محمد اقبال و حضرت مجدد الف ثانی، افکار و نظریات

ایم فل کی ڈگری کے لئے ڈاکٹر بابر بیگ مطالی کا مقالہ جو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں لکھا گیا۔

(vii) حضرت امام ربانی کے سیاسی مکتوبات

محمد مظفر علی رضوی کا یہ مقالہ ایم اے کی ڈگری کے حصول کے لئے ڈاکٹر برہان احمد فاروقی کی زیر نگرانی لکھا گیا۔

[فہرست مقالات، ادارہ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب لاہور، ص:۵]

(viii) سلوک مجددی کی خصوصیات

انور علی شاہ کا مقالہ برائے ایم اے، اس کے نگراں بھی ڈاکٹر برہان احمد فاروقی تھے۔ [ایضاً]

(ix) حضرت مجدد الف ثانی کی دینی و علمی خدمات

ڈاکٹر سید عابد علی کی نگرانی میں ایم اے کے لئے عظمت اللہ کا مقالہ۔

[ایضاً، ص:۱۹]

(ے) اشاریہ سازی

مکتوبات کے درج ذیل اشاریے مرتب ہوئے ہیں۔

(i) سید زوار حسین شاہ کے اردو ترجمہ مکتوبات میں ہر جلد کے اختتام پر اشاریہ موجود ہے مگر بعض مضامین کا اشاریہ علیحدہ سے شائع ہوا۔

(ii) مکتوبات کے مضامین پر مشتمل ایک اشاریہ محمد نعیم اللہ خیال نے ۱۹۸۳ء میں ''معارف ابوالخیر اکادمی'' دہلی سے شائع کیا۔ [محمد عالم مختار حق، تکملہ تصانیف امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شمولہ، جہاں امام ربانی، جلد:۵، ص:۱۰۲]

Marfat.com

مکتوبات پر فارسی، عربی اور ترکی زبانوں میں تحقیقی کام

فارسی میں مکتوبات امام ربانی کی شرح مولوی نصر اللہ خاں کابلی نے کی۔

[سیرت مجدد الف ثانی،ص:۳۰۳]

اسی طرح عربی زبان میں مکتوبات کے تراجم اور دیگر حوالوں سے تحقیقی کام ہوا۔ چند درج ذیل ہیں:

۱۔ مکتوبات کا عربی ترجمہ ''الدرر المکنونات النفیسۃ'' از محمد مراد منزلوی

۲۔ اس عربی ترجمہ کا انتخاب ''المنتخبات من المکتوبات للامام الربانی المجدد للالف الثانی احمد الفاروقی السرھندی'' کے عنوان سے حسین حلمی الیشیق نے کیا۔

۳۔ تعریب المکتوبات الصوفیہ-لاحمد النقشبندی الفاروقی مؤلفہ یونس النقشبندی۔

[مقدمہ مکتوبات امام ربانی از حکیم محمد موسیٰ امرتسری،ص:۳۵]

۴۔ عربی میں ایک مکمل ترجمہ مع حواشی مصطفیٰ حسنین عبد الھادی کا ہے جو دار الکتب العلمیۃ بیروت سے ۲۰۰۴ء/۱۴۲۴ھ میں شائع ہوا ہے۔

۵۔ تشیید المبانی فی تخریج احادیث المکتوبات للامام الربانی کے نام سے محمد سعید نے مکتوبات میں مندرج احادیث کی تخریج کی جو ۱۳۲۳ھ میں حیدر آباد دکن سے شائع ہوئی۔ اسی طرح شیخ عبد الغنی نے تبریز المکنونات فی تخریج احادیث المکتوبات کے نام سے کام کیا۔

ترکی میں نقشبندی سلسلہ کی اشاعت و ترویج ایک حقیقت ثابتہ ہے۔

Serif Mardin نے اپنے مضمون The Nakshibendi order of Turkey میں اس کی تفصیلات کا ذکر کیا ہے۔

[Marty, Martin E. and Appleby, R.Scott, (Editors), Fundamentalisms and the State, the University of Chicago Press Chicago, 1993 p.204-232]

اسی طرح ڈاکٹر بخوت طوسون نے مرمرا یونیورسٹی ترکی سے Naqshbandi order of Turkey کے عنوان سے اپنے مقالہ میں ترکی میں سلسلہ نقشبندیہ کی ترویج واشاعت کی تفصیلات دی ہیں۔ [جہان امام ربانی جلد اول: ۱۱۴]

اس لئے مکتوبات پر اس زبان میں کام ایک لابدی امر تھا۔ مجھے شیخ المکتوم سنٹر ڈنڈی۔ سکاٹ لینڈ ترکی کے میں ڈاکٹر عبداللہ نے بتایا تھا کہ ترکی میں حضرت شیخ سرہندی پر مختلف سطح کے کئی مقالہ جات لکھے گئے ہیں انہوں نے یہ لسٹ فراہم کرنے کا وعدہ بھی کیا تھا مگر وہ کسی اور ادارے میں تشریف لے گئے اور میں ان معلومات کو حاصل نہ کر سکا۔ بہر صورت مستقیم زادہ سلیمان سعد الدین اور حسین حلمی نے مکتوبات کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا جو استنبول سے شائع ہو چکے ہیں۔

یورپین زبانوں میں مکتوبات پر کام:

حضرت شیخ احمد سرہندی کے فکری اثرات کی ہمہ گیریت کی بنا پر دنیا کی ہر زبان میں آپ کے افکار کا تجزیہ ضروری سمجھا گیا۔ تاکہ برصغیر کی مسلم سوسائٹی میں اسلامی فکر کے احیاء کے لئے کام کرنے والوں کے منہج کا اندازہ لگایا جا سکے۔ بلاشبہ عقیدت مندوں اور دیگر لوگوں کے شیخ سرہندی پر کام کے اپنے اپنے مقاصد ہیں۔ آپ پر کام کرنے والوں نے مکتوبات امام ربانی کو ضرور موضوع بحث بنایا ہے۔ چند ایسے کاموں کا اجمالی تذکرہ

Marfat.com

پیش خدمت ہے۔

۱۔ لاہور میں شیخ وجیہ الدین مکتوبات کا انگریزی ترجمہ کر رہے ہیں۔اس مقصد کے لئے انہوں نے انتہائی تگ ودو اور محنت کی۔یہ کام مکمل ہونے والا ہے۔ان شاءاللہ اس ترجمہ سے یورپ میں فکر مجدد کے مطالعہ کی نئی راہیں کھلیں گی اور بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ بھی ہوگا۔

۲۔ حسین ایشیق نے اپنی کتاب Endless Bliss میں مکتوبات کے بعض حصوں کا ترجمہ دیا۔یہ کتاب انٹرنیٹ پر بھی دیکھی جا سکتی ہے۔

۳۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن نے Slected letters of Shaykh Ahmad کے نام سے منتخب مکتوبات کا انگریزی ترجمہ شائع کیا۔

[جہان امام ربانی جلد اول، ص:۱۰۰]

۴۔ ڈاکٹر برہان احمد فاروقی نے Mujaddid's concept of Tawhid کے نام سے پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا اس میں مکتوبات کے بکثرت حوالہ جات ہیں۔

اسی طرح Yohanan Friedmann نے

Shaykh Ahmad Sirhindi - An outline of his thought and a study of His Image in the eyes of posterity

کے عنوان سے McGill University میں 1966ء میں پی ایچ ڈی کے لئے مقالہ لکھا اس کا نظر ثانی شدہ ایڈیشن آکسفورڈ سے شائع ہو چکا ہے۔

مرزا قادر بیگ نے The Role of Shaikh Ahmad Sirhindi in Islam in India کے عنوان سے مقالہ لکھ کر 1964ء میں

Marfat.com

School of Oriental and African Studies, London سے پی ایچ ڈی کی جب کہ افروز احمد بساطی کے مقالہ کا عنوان

Shaikh Ahmad Sirhindi's Thought and its impact on the Development of sufism

تھا۔ یہ مقالہ انہوں نے ہمدان انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سٹڈیز، یونیورسٹی آف کشمیر میں ۲۰۰۱ء میں لکھا۔

ان تمام مقالات میں حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کی فکر کا مطالعہ مکتوبات امام ربانی کی روشنی میں کیا گیا۔

۵۔ محمد عبدالحق انصاری کی کتاب Sufism and Shariah مشرق و مغرب میں یکساں مقبول ہوئی۔ اس کے دوسرے حصہ میں منتخب مکتوبات کا انگریزی ترجمہ دیا گیا ہے۔

۶۔ ڈاکٹر محمد عبدالحق کی کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے Dr. Sergio Ujcich نے اطالوی زبان میں ۳۷ صفحات کا رسالہ لکھا۔

۷۔ Samuela Pagani نے

Abdal-Ghani al-Nabulusi's Reading of Ahmad Sirhindi's Ideas on Tajdid

کے عنوان سے پی ایچ ڈی کا مقالہ اطالوی زبان میں لکھا۔ University of Naples نے اس مقالہ کو شائع کیا ہے۔

Russian State University For Humanities کے ایک پروفیسر Igor Alexeev نے بذریعہ ای میل بتایا کہ روس میں سنٹرل ایشیا پر لکھی گئی کتابوں میں

Marfat.com

امام ربانی کا تذکرہ موجود ہے۔

نامکمل معلومات کا یہ جائزہ بہرصورت اس حقیقت کا آئینہ دار ہے کہ مکتوبات امام ربانی کا مطالعہ دنیا کی ہر بڑی زبان میں ہو رہا ہے۔ ان مکتوبات کی روشنی میں لوگ برصغیر کے مذہبی و سیاسی افق پر ہونے والے تغیرات کا جائزہ لیتے ہیں۔ مکتوبات پر دنیا بھر میں ہونے والے کام کا بھرپور جائزہ لینے کی ضرورت ہے تا کہ دیکھا جائے کہ لوگ فکر مجدد کا کس کس زاویہ سے مطالعہ کر رہے ہیں۔

دروس مکتوبات

مکتوبات کی تفہیم و توضیح کے لئے جو کاوشیں ہوئیں ان میں درج بالا علمی و تحقیقی کاموں کے علاوہ ایک اہم پہلو مختلف مقامات پر ان کے دروس کا اہتمام ہے۔ تصوف کی بہت کم کتب ہیں جن کے دروس کا التزام کیا جاتا ہو اور یہ اہتمام ان کی جمع آوری کے ساتھ ہی شروع ہو گیا تھا۔ خواجہ معصوم رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں سید محمد میاں لکھتے ہیں:

"تفسیر و حدیث کے علاوہ حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات کا درس بھی آپ دیتے تھے اور اس کے دقیق مضامین کو شرح و بسط سے بیان کرتے اور شبہات کا حل فرماتے۔" [علمائے ہند کا شاندار ماضی، جلد اول، ص:۲۵۹]

صاحب مقامات معصومی نے درس کا اندازہ یہ بیان کیا ہے: درس مکتوبات کی مجلس میں حضرت خواجہ محمد سعید خاموش بیٹھتے تھے اور محض سماعت فرماتے تھے جبکہ حضرت خواجہ معصوم رحمۃ اللہ علیہ مکتوبات کی شرح بیان کرتے۔ حضرت خواجہ معصوم کا درس کی تقریر کرنا مفسرین و محدثین کی اتباع میں تھا جبکہ حضرت خواجہ سعید درس کے دوران حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کے فیض باطن سے فیضیاب ہو کر وہی فیض سامعین کے قلوب پر القاء فرماتے تھے۔

Marfat.com

اس فرق کی وضاحت میر صفر کے الفاظ میں اس طرح ہے:

''حضرت خازن الرحمت القاء معانی راتفویض بر باطن فیض مواطن حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ می نمودند تا زان برکات رشحہ بر اہل مجلس تقاطر نماید وخود بہ مراقبہ می ساختند وحضرت ایشاں کہ معانی آں فرمودند پیروی مفسران وشراح..........

[مقامات معصومی، جلد ۳، ص: ۳۸۰]

خواجہ معصوم کے خلیفہ حاجی حبیب اللہ حصاری بخاری (م: ۱۱۱۰ھ) بخارا میں درس کا ایسا اہتمام کرتے کہ ہندوستان میں اس کا عشر عشیر بھی نہیں۔ آپ ہی کے خلیفہ شیخ محمد مراد شامی (م: ۱۱۳۲ھ) شام میں مکتوبات کا درس دیتے۔ اسی طرح ملا موسیٰ بھٹی کوٹی اور حافظ محسن سیالکوٹی بھی درس کا اہتمام کرتے۔

[یہ تفصیلات محمد اقبال مجددی نے مقامات معصومی کے حوالہ سے البینات کے مقدمہ میں دی ہیں]

شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مسلسل ۴۵ سال مکتوبات کا درس دیا ہے۔ [حضرت مجدد اور ان کے ناقدین، ص: ۱۵۴] خواجہ زبیر سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نمازِ عصر کے بعد درس دیتے تھے۔ [خزینۃ الاصفیاء ص: ۲۴۰] مولانا برکات احمد بہاری رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں مناظر احسن گیلانی لکھتے ہیں کہ وہ عصر کے بعد مکتوبات کا درس بھی دیتے۔

[پاک وہند میں مسلمانوں کا نظام تعلیم جلد اول، ص: ۳۲۷]

مولانا محمد نور الدین نقشبندی (م: ۱۹۵۵ء) شکرگڑھ کی مختلف مساجد میں مکتوبات کا درس دیا کرتے تھے۔ مولانا سعید مجددی (۲۰۰۲ء/۱۴۲۳ھ) گوجرانوالہ میں مکتوبات کا درس دیا کرتے تھے۔ ڈاکٹر محمد مسعود احمد (م: ۲۰۰۸ء/۱۴۲۹ء) کراچی میں درس مکتوبات کا اہتمام کرتے ہیں۔

Marfat.com

Annabelle Bottcher نے جرمنی میں ترک کردی مسلمانوں کی مندرجہ ذیل تین بڑی تحریکوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔

1. The Nurce Movement of Said Nursi
2. Mili Goersush Movement
3. Syleymanrcis Movement of Shaykh Hilmi Tunahan.

یہ تیسری بڑی تحریک ہے جس کے پیروکار ترک، کردی الاصل ہیں اور جرمنی میں اپنے تمام مراکز میں ''مکتوبات امام ربانی'' کا درس بھی دیتے ہیں اور ترجمہ بھی کرتے ہیں۔ میں نے برلن (جرمنی) میں ایک مرکز دیکھا ہے۔ اس تحریک کی خواتین کی بھی ایک طاقتور تحریک ہے اور ترکی میں ان کی پرائیویٹ جامعات ہیں۔ اس تحریک کے لوگ عربی اور فارسی میں ''مکتوبات امام ربانی'' چھپواتے ہیں اور ترکی اور جرمنی میں فروخت کرتے ہیں۔ میں نے ایک .... سے ''مکتوبات امام ربانی'' کے عربی ترجمہ کی ایک کاپی خریدی تھی۔ [جہان امام ربانی، جلد اول، ص:۹۸]

ان اجمالی معلومات سے مکتوبات امام ربانی کی اہل علم اور عوام الناس میں اہمیت اور اثر پذیری کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

مکتوبات امام ربانی کا تجزیاتی مطالعہ

مکتوبات امام ربانی کی اہمیت وافادیت اور ممیزات کا ایک اجمالی مطالعہ پیش خدمت ہے۔

ا۔ یہ مکاتیب معارف علوم دینیہ کا خزینہ ہیں۔ قرآن وحدیث کی تعبیر وتشریح

Marfat.com

اور مخالفین کا رد بلیغ علمی و تحقیقی اسلوب پر، ان مکاتیب کا امتیاز ہے۔ اس اعتبار سے یہ مکاتیب دینی علوم میں ایک گراں قدر اضافہ ہیں۔ قرآن، حدیث اور فقہ سے متعلقہ تفصیلات کے لئے راقم کی تصانیف ملاحظہ فرمائیں۔

۲۔ حضرت مجدد الف ثانی ایک داعی تھے۔ آپ کا داعیانہ لب و لہجہ ان خطوط سے ظاہر ہوتا ہے۔ داعی طبیب ہوتا ہے۔ مریض سے ہمدردی اس کے اندر کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے۔ اس لئے داعی ایسے الفاظ کا انتخاب کرتا ہے جس میں اپنائیت اور پیار کا رنگ نظر آئے۔ خواجہ جمال الدین کے نام ایک خط کا آغاز ان الفاظ میں کرتے ہیں۔ معلوم فرزندی اعزی میناید.......... [دفتر سوم، مکتوب ۸۱]۔ محمد مقیم قصوری کے لئے لکھتے ہیں ''اخوی محمد مقیم پرسیده.......۔ [دفتر سوم مکتوب ۲۶]

۳۔ عموماً آپ مکتوبات کا آغاز الحمد للہ و سلام علی عبادہ الذین اصطفٰی سے کرتے ہیں۔ اختتام پر کوئی آیت یا کوئی دعائیہ جملہ درج فرماتے ہیں۔ مکاتیب کے اختتام پر یہ الفاظ بھی بکثرت آئے ہیں:

والسلام علی من اتبع الھدی والتزم متابعة المصطفٰی علیه و علی اله من الصلوت افضلها و من التسلیمات اکملها. [دفتر دوم، مکتوب:۹]

ہر شخصیت کے شایان شان القابات استعمال کرتے ہیں۔ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک کے ساتھ درود و سلام لکھنے کا اہتمام فرماتے ہیں۔ خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کو لکھے گئے مکاتیب سے ادب و احترام اور دیگر افراد کے مکاتیب سے پیار و شفقت کا اظہار الفاظ کی صورت میں صاف نظر آتا ہے۔

Marfat.com

۴۔ یہ مکاتیب معارف علوم دینیہ کا خزینہ تو ہیں ہی فارسی ادب کا شاہکار بھی ہیں۔ الفاظ کا انتخاب، عبارت میں روانی، فارسی تراکیب اور فارسی و عربی اشعار کا برمحل استعمال، ان مکاتیب کو ایک شاہکار ادب پارہ بنا دیتا ہے۔ دیگر شعراء کے ساتھ ساتھ آپ نے خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ اور اپنے اشعار بھی لکھے ہیں۔ آپ کی ایک رباعی ملاحظہ فرمائیں:

در عرصہ کائنات باوقت فہم
بسیار گذشتیم بسرعت چوں سہم
گشتیم ہمہ چشم ندیدیم درو
جز ظل صفات آمدہ ثابت در وہم

[دفتر سوم، مکتوب: ۶۷]

۵۔ انسانوں سے ہمدردی و محبت صوفیہ کا ذوق رہا ہے۔ صوفیہ خدمت خلق کو بڑی اہم نیکی سمجھتے ہیں۔ مکتوبات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اہل دربار اور صاحبان ثروت سے اپنی ذات کے لئے کبھی کچھ طلب نہ فرمایا۔ دین اسلام کی خدمت اور اس کے لئے قربانی کا جذبہ ابھارا یا مخلوقِ خدا کی بیچارگی و درماندگی دور کرنے کے لئے سفارشی خط لکھے بعض خطوط سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ آپ کے ہاں کسی بزرگ سے نسبت بہت اہمیت رکھتی تھی۔ اس لئے آپ نے اس شخص کی خاندانی وجاہت کا تذکرہ کرتے ہوئے اعانت کی ترغیب دلائی۔ اس طرح کے دو اقتباسات ملاحظہ فرمائیں۔

''جباری خاں کو لکھا: دوسری التماس یہ ہے کہ اس رقعہ دعاء کا حامل شیخ مصطفیٰ قاضی شریح رحمۃ اللہ علیہ کی نسل سے ہے.......... [دفتر اول مکتوب: ۸۰]

مرزا اعراب خاں کولکھا: حافظ حامد نیک آدمی اور قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے ہیں............[دفتر دوم، مکتوب:۹۰]

۶۔ مکتوبات امام ربانی کے مطالعہ سے یہ حقیقت بھی واضح ہوتی ہے کہ اپنے احباب کو مکاتیب زیر مطالعہ رکھنے کی ترغیب دلاتے۔ ملا محمد طالب بیانکی کو لکھتے ہیں ''مطالعہ مکتوبات رالازم گیرند کہ سود مند است'' [دفتر اول، مکتوب:۲۳۷]۔ دوسرے احباب کو مختلف مکاتیب کی نقول بھی روانہ فرماتے۔ [دفتر اول، مکتوب:۲۵۶]

احباب کی مختلف موضوعات سے متعلقہ لکھے گئے مکاتیب کی طرف رہنمائی بھی فرماتے خواجہ باقی باللہ کے صاحبزادگان کو ایک مکتوب میں لکھتے ہیں ''اگر نماز کے فضائل اور اس کی مخصوصہ کمالات کے معلوم کرنے کا شوق ہو تو تین مکاتیب جو ایک دوسرے کے قریب و متصل ہیں مطالعہ کریں۔ پہلا مکتوب فرزندی محمد صادق کے نام، دوسرا امیر محمد نعمان کے نام اور تیسرا میاں شیخ تاج کے نام لکھا ہے''۔ [دفتر اول، مکتوب:۲۶۶]۔ آپ کے ہاں خط کا جواب دینے کا اہتمام بھی حد درجہ تھا۔ بیماری اور شدید مصروفیت بھی جواب دینے میں مزاحم نہ ہوتی۔ [دفتر دوم، مکتوب:۱۷، مکتوب ۹۹]۔ اس اخلاص اور محنت کی برکت ہے کہ مکتوبات امام ربانی کی اثر پذیری اور اہمیت وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ بڑھ رہی ہے۔

الغرض یہ مکاتیب معارف وحقائق کی کان ہیں۔ صوفیہ کے افکار کے شارح اور تاریخی واقعات کے مظہر ہیں۔ صاحبان علم وحکمت آج بھی ان سے استفادہ کرتے ہیں اور ''خودروافکار'' کی بیخ کنی کے لیے ان کی روشنی میں راہ عمل متعین کرتے ہیں۔

Marfat.com

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ

Marfat.com

باب دوم

مکتوباتِ امامِ ربانی

کے مآخذ

Marfat.com

Marfat.com

مکتوبات امام ربانی کے مآخذ

مکتوب نگاری کی ابتداء کب سے ہوئی؟ تاریخی طور پر اس کے بارے میں وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ قرآن کریم نے حضرت سلیمان علیہ السلام [سورۃ النحل:۳۰] کے مکتوب مبارک کا ذکر کر کے مکتوب نویسی کی اہمیت وافادیت کی طرف توجہ مبذول کروائی ہے۔ بعدازاں مکاتیب نبویہ نے ان کی ضرورت واضح کی۔ نقشبندی سلسلہ کے صوفیہ نے نبی کریم ﷺ کی اتباع میں اس طریق تبلیغ کو اپنایا۔ خواجہ عبیداللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ، خواجہ باقی باللہ، حضرت مجدد الف ثانی، خواجہ معصوم، خواجہ محمد سعید، خواجہ سیف الدین، خواجہ محمد نقشبند، خواجہ عبدالاحد رحمۃ اللہ علیہم اور دیگر نقشبندی صوفیہ نے مکتوب نویسی کے اس سلسلہ کو اشاعت اسلام کا ذریعہ بنایا۔

اس سلسلۃ الذھب میں حضرت شیخ احمد سرہندی کے مکاتیب کو بعض علمی وفکری حوالہ سے خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہ مکاتیب ہی ہیں جنہوں نے ایک فکری اساس مہیا کی جس کے اثرات نے سیاسی رخ کو تبدیل کر کے رکھ دیا۔ تین دفاتر پر مشتمل یہ مکاتیب علوم ومعارف کا خزینہ ہیں۔ مکاتیب کے عموماً مأخذ تلاش نہیں کیے جاتے کیونکہ وہ تو صرف دو افراد کے باہمی تبادلہ خیالات کا نتیجہ ہوتے ہیں، مگر یہ مکاتیب علم وفن کی دنیا میں خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ اس لئے علمی وتحقیقی حوالہ سے ان کے مأخذ تلاش کرنا ضروری ہے۔ تاکہ اسلامی علوم وفنون میں ارتقاء کی جانکاری ہو، جس سے ان مکاتیب کا علمی مقام سمجھنے میں مدد ملے گی۔ لیکن یہاں اس سلسلہ میں دو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پہلی مشکل کا اندازہ خواجہ بدرالدین سرہندی اور خواجہ ہاشم کشمی کے درج ذیل اقتباسات سے لگایا جا سکتا ہے۔

خواجہ بدرالدین نے لکھا ہے کہ حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے معارف واسرار چار قسم کے ہیں۔ ایک تو وہ ہیں جن کا اظہار ہی نہیں فرمایا۔ دوسری قسم کا اظہار صرف

Marfat.com

صاحبزادگان سے کیا، تیسری قسم کا اظہار صرف اصحاب کاملین کے سامنے فرمایا، چوتھی قسم یہ ہے کہ سائل کچھ دریافت کرتا تو عام فائدے کے لئے تحریر فرما دیتے۔ آپ کے رسالے اور مکاتیب اسی چوتھی قسم پر مشتمل ہیں اور ان میں سے ہر معرفت دل کے بیماروں کے لئے شفا ہے۔[1] [حضرات القدس جلد۲، ص:۱۴۹] خواجہ ہاشم کشمی نے ایک عالم کے حوالہ سے لکھا ہے۔ کہ "رسائل و کتب دو قسم کے ہیں تصنیف یا تالیف۔ تالیف یہ ہے کہ لوگوں کی باتوں کو سیاق و سباق کے ساتھ اچھی طرح جمع کر دے اور تصنیف یہ ہے کہ اپنے علوم و نکات کو تحریر میں لائے۔ اب انصاف یہ ہے کہ اس زمانہ میں سنجیدہ اور مناسب تصنیف تمہارے شیخ (حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ) کے رسائل و مکاتیب کا مجموعہ ہے کہ جس قدر بھی ان پر نظر ڈالی ان کو کہیں سے نقل کرتے نہیں دیکھا مگر شاذ و نادر یا ضرورت کی بنا پر ایسا کیا ہے"۔ [زبدۃ المقامات ص:۲۹۵]

ان دونوں اقتباسات سے یہ اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ مکتوبات کے مآخذ کی تلاش دشوار گذار گھاٹی کو عبور کرنے کے مترادف ہے۔ دوسری مشکل یہ کہ اس دور کے انداز تحریر میں دورِ حاضر کی طرح حوالہ جات اور تخریج کا اہتمام نہ تھا اس لئے دیئے گئے اقتباسات کے حوالہ جات کی تلاش ممکن نہیں رہتی۔ بعض مقامات پر حضرت شیخ سرہندی نے کسی کتاب کے حوالے سے کوئی بات نقل کی، یا کسی کتاب کا تذکرہ فرمایا، تو ان امور سے اس وقیع علمی ذخیرہ کے ماخذ تلاش کرنے میں مدد ملتی ہے۔

---

[1] مقامات معصومی میں آپ کے معارف کی پانچ اقسام بیان کی گئی ہیں۔

میر صفر احمد معصومی نے خواجہ ہاشم کشمی کا یہ شعر بھی لکھا:

زعرفاں گرچہ صد دریا رواں کرد
یکی گفت و صد دیگر نہاں کرد

[مقامات معصومی جلد۲، ص:۳۹-۴۰]

Marfat.com

مطالعہ کتب اور حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے رجحانات

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ خود مطالعۂ کتب کا ذوق رکھتے تھے اور دوسروں کو بھی تلقین فرماتے۔ یہاں تک کہ حضرت خواجہ باقی باللہ کو جو مکاتیب لکھے گئے ان میں مکاشفات وغیرہ کے حوالہ سے بھی یہ لکھا ''ایک اور عرض یہ ہے کہ ہر کتاب کا مطالعہ بالکل اچھا نہیں معلوم ہوتا البتہ جس کتاب میں ان بزرگوں کے کمالات و بلند مراتب کا ذکر درج ہے جو کہ مقامات میں واقع ہوئے ہیں اس کتاب کا مطالعہ اچھا معلوم ہوتا ہے تاکہ اس قسم کی کوئی چیز دیکھی جائے'' [دفتر اول مکتوب:۱۱]۔ اس مکتوب سے آپ کا ذوق مطالعہ اور انتخاب کتاب کا پہلو سامنے آتا ہے۔ لیکن یہ ایک خاص کیفیت کا تذکرہ ہے۔ کیونکہ دوسرے مکاتیب سے پتہ چلتا ہے کہ کتب فقہ آپ کے زیر مطالعہ رہتی تھیں۔ حضرت خواجہ باقی باللہ کو ہی آپ نے تحریر فرمایا کہ خواہش ہے کہ ہدایہ کا تکرار ہو رہا ہو۔ [دفتر اول، مکتوب:۸]۔ شیخ نظام تھانیسری کو لکھا کہ کتب تصوف کا مطالعہ نہ بھی ہو تو حرج نہیں۔ لیکن کتب فقہ کا مطالعہ نہ ہونا نقصان کا احتمال رکھتا ہے۔ [دفتر اول، مکتوب:۲۹] ایک شخص نے اسلام قبول کیا تو عبدالکریم سنامی کو لکھا ''مشار الیہ (شیخ احمد) نومسلم ہے اس لئے اس کو عقائد کلامیہ، جو فارسی کتابوں میں مذکور ہیں، سکھائیں اور احکام فقہ کی بھی تعلیم دیں۔ تاکہ فرض، واجب، سنت، مستحب حلال و حرام، مکروہ، مشتبہ کو پہچان لے اور اس کے مطابق اپنی زندگی بسر کرے۔ گلستان و بوستان کو پڑھنا بے کاری میں داخل ہے۔'' [دفتر اول، مکتوب:۲۷۸]

اس مکتوب سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ صوفیہ کا فرض ہے کہ وہ اپنے ارادت مندوں کو روزمرہ کے فقہی مسائل سے آشنائی کے لئے کتب تجویز کریں، کتابوں کے انتخاب کا معاملہ عامۃ الناس پر نہ چھوڑا جائے اس سے گمراہی پھیلنے کا خطرہ ہے۔ خود راہنمائی کی جائے۔ اسی گمراہی سے بچاؤ کے لئے آپ نے ضرر رساں کتابوں سے

Marfat.com

اجتناب کی تلقین نہایت ہی عالمانہ اسلوب میں فرمائی۔ علی احمد المہائی کی تفسیر "تبصیر الرحمن" کے بارے میں شیخ عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ کو جو خط لکھا قابل مطالعہ ہے۔

"کتاب، تبصیر الرحمن جو آپ نے بھیجی تھی بعض مقامات سے مطالعہ کر کے واپس بھیج رہا ہوں...... میرے مکرم! اس کتاب کا مصنف فلاسفہ کے مذہب کی طرف بہت زیادہ رجحان رکھتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ حکماء کو انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے ہم پلہ بنا دے۔ سورہ ہود آیت نمبر ۱۶ کی تفسیر پر نظر پڑی جو حکماء کے طرز پر ہے اور انبیاء علیہم الصلوات والتحیات کے طریقے کے خلاف ہے اس میں انبیاء اور حکماء کے قول کے درمیان مطابقت پیدا کی ہے، آیہ کریمہ اُولٰئِکَ الَّذِیْنَ لَیْسَ لَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ باتفاق الانبیاء والحکماء اِلَّا النَّارُ الحسی او العقلی الخ ("یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں کچھ نہیں ہے" باتفاق انبیاء اور حکماء "سوائے آگ کے" خواہ وہ حسی ہو یا عقلی) (یعنی وہ آگ انبیا علیہم السلام کے قول کے مطابق حسی ہو یا حکماء کے قول کے مطابق عقلی ہو)۔

انبیاء علیہم الصلوات والتحیات کے اجماع کے بعد حکماء کا اتفاق کیا حیثیت رکھتا ہے اور عذاب اخروی میں حکماء کے قول کی کیا حیثیت ہے بالخصوص جبکہ وہ قول انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے قول کے مخالف ہو۔ فلاسفہ جو عذاب عقلی کا اثبات کرتے ہیں ان کا مقصد عذاب حسی کا دور کرنا ہے جس کے ثبوت پر انبیاء کا اجماع واقع ہے...... اور دوسرے مواقع پر قرآنی آیتوں کو حکماء کے مذاق کے مطابق بیان کرتے ہیں اگرچہ وہ اہل ملل کے مذاہب کے خلاف ہو...... لہٰذا اس کتاب کا مطالعہ ظاہر اور باطن کے نقصان سے خالی نہیں ہے۔ ان باتوں کا اظہار ضروری تھا اس لئے چند کلمات لکھ کر آپ کو تکلیف دی ہے"۔ [دفتر سوم، مکتوب: ۱۰۱]

وہ کتب جو تحقیقی اسلوب سے خالی ہیں آپ نے ان کے بارے میں بھی نشاندہی کی۔ مثلاً قنیۃ المنیۃ کی روایت، تو وہ ہرگز اس درجہ کی نہیں کہ حکم قطعی کو منسوخ کر

Marfat.com

سکے۔ مولانا جلال الدین لاہوری جو کہ علمائے لاہور میں بڑے پایہ کے علماء میں سے ہیں فرماتے کہ قنیہ کی بہت سی روایات قابل اعتماد نہیں ہیں اور کتب معتبرہ کے خلاف ہیں''۔[دفتر اول مکتوب:۱۰۲]

گویا اگر کسی کتاب میں معروف و متداول اور معتبر کتب کے خلاف بات ہو تو وہ قابل قبول نہ ہوگی۔ تحقیق کا معیار آپ کے ہاں یہ نظر آتا ہے کہ حوالہ کے لئے بعض اوقات لوگ خط کے ساتھ کتاب بھی روانہ کرتے۔ اس طرز عمل سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ آپ کے ہاں کتاب کے حوالہ کی اہمیت کیا ہے۔ ملا مقصود علی تبریزی کو لکھتے ہیں ''یہ معلوم نہ ہو سکا کہ تفسیر حسینی بھیجنے سے آپ کا کیا مقصد تھا کیونکہ یہ تفسیر حنفی آئمہ کے مطابق ہے''[دفتر سوم، مکتوب:۲۲]

درج بالا نکات سے مطالعہ کتب، اور انتخاب کتب کے بارے میں حضرت شیخ سرہندی کی فکر کے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں۔

(۱) احوال و کیفیات کے بدلنے سے مطالعہ کے لئے کتب کے انتخاب میں تبدیلی آتی ہے۔

(۲) ہر کتاب قابل مطالعہ نہیں ہوتی۔

(۳) فقہ کی کتب ضرور پیش نظر رکھنی چاہئیں۔

(۴) عامۃ الناس کو انتخاب کتب کے لئے سلیم فطرت علماء سے مشورہ کرنا چاہیے۔

(۵) کسی مسئلہ میں تحقیق کے لئے معتبر کتب، جو علمائے احناف کی تحریر کردہ ہوں، پر اعتماد کرنا چاہیے۔

(۶) انبیاء کرام علیہم السلام کی تعلیمات اور فلاسفہ کے نظریات کو اکٹھا، ذکر کرنے والے مقام نبوت سے ناواقف ہیں ایسی کتب ظاہر و باطن پر مضر اثرات ڈالتی ہیں۔

ان نکات کی روشنی میں ان کتب کی اہمیت و افادیت سامنے آتی ہے جن کے نام

مکتوبات امام ربانی میں بطور حوالہ آئے ہیں۔ ان کتب کو علوم وفنون کے اعتبار سے درج ذیل عنوانات کے تحت تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

(ا) القرآن الکریم

مکتوبات امام ربانی میں جا بجا قرآنی آیات نقل کی گئی ہیں۔ ان کی تعداد تقریباً (۳۷۰) ہے۔ کہیں تو صرف آیت ہی نقل کر دی مگر بہت سے مقامات پر ان آیات کی تفسیر...... ماثور اور اشاری...... بیان کی ہے۔ اس اعتبار سے مکتوبات امام ربانی، قرآن فہمی کا ایک اہم اور موثر ذریعہ ہیں بعض آیات کے حوالے سے تو ایسی نادر تحقیقات بھی سامنے آتی ہیں کہ متقدمین کی تفاسیر میں ان کا اس طرح تذکرہ نہیں ملتا۔ جیسے اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درجات۔ [دفتر دوم مکتوب:۵۴]

آیات قرآنی کے حوالہ سے آپ کی تفسیری نکات کے لئے درج ذیل مکاتیب بطور مثال ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔

دفتر سوم، مکتوب:۴۱

دفتر اول، مکتوب:۵۲

دفتر اول، مکتوب:۲۷۲

دفتر اول، مکتوب:۹۹

آیات کی تفسیر کے حوالہ سے آپ نے مابعد کے مفسرین پر گہرے اثرات مرتب کئے۔ تفسیر روحی، مظہری اور روح المعانی ان اثرات کی نمایاں مثالیں ہیں۔

ان تمام آیات کی فہرست مع حوالہ آیات اور مکتوب نمبر کے ملاحظہ فرمائیے ضمیمہ اول۔

نوٹ: مکاتیب میں حضرت امام ربانی نے استدلال کی نوعیت کے مطابق آیت کا ایک حصہ نقل کیا ہے راقم نے وہ آیت مکمل نقل کی ہے۔

Marfat.com

(ب) کتب حدیث:

مشکوۃ المصابیح۔حاشیہ مشکوۃ،حلیۃ الابرار(امام نووی)

(ج) سیرت وتاریخ:

الصواعق المحرقۃ،الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ۔

(د) تفسیر:

معالم التنزیل،مفاتیح الغیب،انوار التنزیل،مدارک التنزیل،تفسیر حسینی۔

(ھ) اصولِ فقہ:

التلویح،بزدوی۔

(و) فقہ:

ہدایہ،فتاوی سراجیہ،الفتاوی الغیاثیہ،شرح الوقایہ،مجموعہ خانی، جامع الرموز، ترغیب الصلوٰۃ، حاشیہ قرۃ کمال،قنیۃ المنیۃ، رسالہ دررفع سبابہ، المحیط،خزائن الروایۃ، التاتارخانیہ،فتاوی دلواجی۔تیسیر الاحکام۔عمدۃ الاسلام۔

(ز) تصوف:

احیاء العلوم،المنقذ من الضلال،فتوحات مکیہ،فصوص الحکم،ارشاد السالکین (یحییٰ منیری)،عوارف المعارف،رشحات عین الحیات،شرح اللمعات (جامی)، غنیۃ الطالبین، منازل السائرین،نفحات الانس۔

(ح) علم کلام:

تمہید،مواقف،شرح مواقف،حاشیہ خیالی،

Marfat.com

(ط) دواوین شعریہ:

مثنوی رومی، کلیات سعدی، دیوان عراقی، دیوان حافظ، کلیات باقی باللہ۔

(ی) متفرق کتب:

بذل الماعون فی فضل الطاعون

شرح الصدور، رسائل اخوان الصفاء

یہاں اس بات کو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ ہر وہ کتاب جس کا نام مکتوبات امام ربانی میں آیا ہو، ضروری نہیں کہ آپ نے براہِ راست اسے بطور ماخذ استعمال کیا ہو، کیونکہ بہت سی کتب کی اس زمانہ میں اشاعت نہ ہوئی تھی اس لئے ممکن ہے کہ آپ نے ثانوی ماخذ کا سہارا لیا ہو اور اسی پر اعتماد کرتے ہوئے حوالہ اصل ماخذ کا دے دیا۔

مآخذ کا اجمالی تعارف

درج بالا کتب میں سے صرف چند کا افادۂ علمی کے لئے۔ مختصر اتعارف نقل کیا جاتا ہے۔

مشکوۃ المصابیح:

امام ولی الدین خطیب تبریزی (م: ۷۴۲ھ) نے اپنے استاد کے مشورہ پر، مصابیح السنہ کا بعض اعتبار سے اختصار اور مفید اضافہ جات، کے ساتھ مشکوۃ المصابیح کو مرتب کیا۔ ماضی میں یہ کتاب اپنی ابواب بندی اور جامعیت کی بنا پر نصاب کا حصہ رہی اور حوالہ جاتی کتاب تسلیم کی جاتی رہی۔ عہد مجدد رحمۃ اللہ علیہ میں اسی کتاب سے احادیث کے حوالہ کو قابل اعتماد سمجھا جاتا تھا، شیخ محدث دہلوی نے بھی اس دور میں اس کی اہمیت کے پیش نظر اس کی شرح تحریر فرمائی۔ کئی زبانوں میں اس کے تراجم شائع ہو چکے ہیں۔

Marfat.com

مکاتیب امام ربانی میں احادیث نبویہ کے لئے جس کتاب کو بطور ماخذ بکثرت استعمال کیا گیا وہ مشکوۃ المصابیح ہی ہے۔

یوں محسوس ہوتا ہے کہ آپ نے عموماً مشکوۃ المصابیح کی فصل اول سے روایات لیں۔ بقیہ دو فصول کی روایات تعداد میں کم ہیں۔ آپ نے ان احادیث کی بعض مقامات پر عرفانی تشریح بھی فرمائی۔ آپ کے دور میں غالباً برصغیر میں کتب صحاح کی شروح دستیاب نہ تھیں۔ اس لئے ایک جگہ آپ نے علامہ محمد بن یوسف علی الکرمانی (متوفی م:۷۹۶ھ) کا حوالہ دیا مگر حوالہ انہوں نے اپنے والد اور آپ نے شیخ عبداللہ اور شیخ رحمت اللہ جو اکابر محدثین میں سے تھے اور حرمین میں شیخین کے لقب سے مشہور تھے، سے سنا۔ [دفتر اول، مکتوب ۲۵۶] حوالہ دینے کے اس اسلوب سے بہر صورت یہ ضرور واضح ہوتا ہے کہ آپ اصل ماخذ تک رسائی کے لئے کس قدر تگ و دو فرماتے۔ ایک جگہ حاشیہ مشکاۃ کا حوالہ بھی ہے [دفتر اول مکتوب:۲۶۵] مگر یہ معلوم نہیں ہوسکا اس سے مراد کس محشی کا حاشیہ ہے۔

یہ بھی واضح رہے کہ مکتوبات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے احادیث کے لئے صوفیہ کی تصانیف پر بھی اعتماد کیا ہے۔

Marfat.com

کتب سیرت و تاریخ

(i) الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ:

یہ قاضی عیاض بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ (۴۴۶ھ۔۵۴۴ھ) کی مفید اور مقبول کتاب ہے۔ اس کی جدت و ندرت، ہر طبقہ و مسلک کے لوگوں میں شہرت و مقبولیت اور انداز تحریر کی دلکشی و دلآویزی کا قاضی عیاض کے معاصرین، ارباب سیر اور علمائے فن نے اعتراف کیا ہے۔ اس کتاب میں رسول اکرم ﷺ کی عظمت شان اور آپ کے جلیل القدر منصب و مقام کو قرآن مجید، حدیث نبوی اور آئمہ کے اقوال کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے۔
دفتر اول کے مکتوب ۲۵۱ میں اس کتاب کے حوالہ سے سب اصحاب رسول ﷺ کا حکم نقل کیا گیا ہے۔ عین ممکن ہے کہ فضائل نبی ﷺ کی احادیث کی نقل کا بھی یہی ماخذ ہو۔

(ii) الصواعق المحرقۃ:

شہاب الدین احمد بن محمد بن علی بن حجر الھیتمی (۸۹۹ھ۔۹۶۴ھ) کی تالیف ہے۔ جس میں خلفائے راشدین، اور مناقب اہل بیت نبوی کے بارے میں جمہور اہل سنت کا مؤقف بیان کیا گیا ہے۔ ۹۵۰ھ میں آپ نے یہ کتاب مسجد الحرام میں سنائی۔

مکتوبات امام ربانی میں اس کتاب کا حوالہ شیخین کی فضیلت کی احادیث اور مشاجرات صحابہ کے حوالے سے آیا ہے [ملاحظہ فرمایئے دفتر اول، مکتوب ۲۵۱ اور ۲۶۶]

گویا یہ کتاب احادیث نبویہ اور کلامی مباحث کے لئے بطور ماخذ استعمال کی گئی ہے۔

Marfat.com

کتب تفسیر

حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ کے مکاتیب اور دیگر رسائل پر نظر ڈالیں تو واضح ہوتا ہے کہ قرآنی آیات کی تشریح وتوضیح کے لئے آپ متداول تفاسیر کا مطالعہ فرماتے۔ اس شعبہ میں ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی کتب سے استفادہ کے ساتھ ساتھ درج ذیل کتب تفاسیر آپ کے پیش نظر رہیں۔

(i) معالم التنزیل:

یہ امام ابو محمد حسین بن مسعود الفراء بغوی (م:۵۱۰ھ) کی جلیل القدر تفسیر ہے۔ امام خازن نے اپنی تفسیر کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ معالم التنزیل، تفسیر کی نہایت بلند پایہ اور گراں قدر کتاب ہے۔ یہ صحیح اقوال کی جامع، احادیث نبویہ سے آراستہ اور احکام شرعیہ سے پیراستہ ہے۔ اس میں ازمنہ سابقہ کے عجیب وغریب واقعات مندرج ہیں۔ اس کی عبارت دل نشین اور، حسن وجمال کے سانچہ میں ڈھلی ہوئی ہے"۔

[حریری، غلام احمد، تاریخ تفسیر ومفسرین، ملک سنز لاہور ۱۹۹۳ء، ص:۲۱۵]

(ii) مفاتیح الغیب:

امام محمد بن محمد عمر بن حسین المعروف امام فخر الدین رازی (۵۴۴-۶۰۶ھ) کی یہ تفسیر علوم وفنون کا انسائیکلو پیڈیا ہے۔ اہل سنت کے عقائد کے پرزور حمایتی ہیں اور معتزلہ کا خوب رد کرتے ہیں۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ امام رازی اس کو مکمل نہ کر سکے تھے، مگر علامہ غلام رسول سعیدی نے تبیان القرآن میں ایسے صاحبان علم کا رد کرتے ہوئے لکھا کہ اس کتاب کی تکمیل امام رازی ہی نے کی ہے۔

[سعیدی، غلام رسول، تبیان القرآن، فرید بک سٹال لاہور، ۲۰۰۷، جلد ۱۲، ص:۱۰۳۶]

Marfat.com

(iii) انوار التنزیل واسرار التاویل:

عبداللہ بن عمر بن محمد بیضاوی (م:۶۸۵) کی تفسیر جو درسی حلقوں میں تفسیر بیضاوی کے نام سے معروف ہے۔ بیضاوی نے امام رازی اور راغب اصفہانی کی تحقیقات سے خوب فائدہ اٹھایا پھر اس پر صحابہ وتابعین کے اقوال وآثار کا اضافہ کیا اور عقل خداداد کی مدد سے طبع زاد نکات ولطائف شامل کیے۔ امام بیضاوی کا اسلوب نگارش بڑا دلکش اور جاذب توجہ ہے۔[تاریخ تفسیر ومفسرین ص:۲۶۸۔۲۷۲]

(iv) مدارک التنزیل وحقائق التاویل:

عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی (م:۷۰۱) کی معروف تفسیر ہے۔ یہ متوسط القامت تفسیر ہے۔ مؤلف نے اس میں وجوہ اعراب اور مختلف قراءتوں کو یکجا کر دیا ہے۔ تفسیر کشاف میں جو بلاغی نکات اور محسنات بدیعیہ تھے ان کو اس تفسیر میں سمو دیا ہے۔ سورتوں کے فضائل کے سلسلہ میں جو احادیث موضوعہ کشاف میں مذکور ہیں اس میں مندرج نہیں۔ اس میں تفسیر بیضاوی سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔[تاریخ تفسیر ومفسرین:ص:۲۷۲۔۲۷۵]

Marfat.com

اصول فقہ

(i) التلویح

یہ صدرالشریعۃ الاصغر عبیداللہ بن مسعود (م:۷۴۷ھ) کی اصول فقہ پر معروف کتاب التوضیح کی شرح ہے، جو علامہ سعد الدین سعود بن قاضی فخر الدین عمر تفتازانی (م:۷۹۲ھ) کی تحریر کردہ ہے یہ ۷۵۸ھ میں لکھی گئی۔

حضرت امام ربانی نے اس کتاب کا براہِ راست کوئی حوالہ نقل نہیں کیا لیکن ایک مقام پر [دفتر اول، مکتوب:۸] میں اس کتاب کے مقدمات اربعہ کے تکرار کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ مقدمات اربعہ اس کتاب کے دقیق ترین مباحث میں سے ہیں۔ علماء نے صرف مقدمات اربعہ پر تعلیقات تحریر کیں۔ [ان مقدمات کی تفصیل کے لئے دیکھئے التوضیح مع التلویح، کراچی، ۱۳۳۱ھ، ص:۳۲۲۔۳۳۶] ان مقدمات کا تذکرہ حضرت مجدد کے فقہی اصولوں پر عمیق نظری کا آئینہ دار ہے۔

(ii) اصول بزدوی:

علی بن محمد بن حسن بزدوی (۴۰۰ھ۔۴۸۲ھ) کی اصول فقہ پر معروف کتاب ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کتاب کا متن سمجھنا گویا لوہے کے چنے چبانا ہے۔ اسی مشکل پسندی کی بنا پر آپ کو ابوالعسر کہا جاتا ہے، مولانا عبدالعلی شرح مسلم الثبوت میں لکھتے ہیں: ''یہ عبارتیں گویا چٹانیں ہیں جواہر جڑے ہوئے ہیں یا پتے ہیں جن میں شگوفے چھپے ہوئے ہیں روشن ذہن وذکاوت والے ان کے معانی حاصل کرنے میں متحیر ہیں اور ان عبارتوں کے سمندروں میں غوطہ لگانے والے بجائے موتیوں کے سیپیوں پر قناعت کر رہے ہیں'' [ظفر المحصلین ص:۴۸۵۔۴۸۷] مکتوبات امام ربانی میں اس کتاب کا براہ راست کوئی حوالہ تو نہیں ملتا البتہ دو

Marfat.com

جگہ [دفتر اول مکتوب ۲۷۶، دفتر دوم مکتوب: ۱۸] میں ہدایہ کے ساتھ اس کا ذکر کیا ہے۔ مگر اس تذکرہ سے یہ ضرور واضح ہوتا ہے کہ اصولی مباحث میں یہ کتاب ضرور آپ کے پیش نظر رہتی ہوگی۔

فقہ

ہدایہ:

فقہ حنفی کی معروف کتاب جس کے مصنف برہان الدین علی بن ابی بکر، ۸۔ رجب ۵۱۱ھ/ ۵ نومبر ۱۱۱۷ء کو مرغینان میں پیدا ہوئے اور ۱۴ ذی الحجہ ۵۹۳ھ/ ۲۸۔ اکتوبر ۱۱۹۷ء کو سمرقند میں فوت ہوئے۔ عبدالحیٔ لکھنوی نے آپ کے تعارف کا آغاز ان الفاظ میں کیا ہے۔

کان اماما فقیھا حافظا محدثا مفسرا جامعا للعلوم ضابطا للفنون...... اصولیا ادیبا شاعرا لم تر العیون مثلہ فی العلم والادب

[لکھنوی، عبدالحی، الفوائد البھیۃ فی تراجم الحنفیۃ، قدیم کتب خانہ کراچی، ص: ۱۴۱]

ہدایہ دراصل بدایۃ المبتدی کی متوسط شرح ہے۔ تیرہ سال اس کی تکمیل میں لگے۔ اس کے تراجم دنیا کی کئی زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ اس کی درسی اہمیت وافادیت کی بنا پر متعدد حواشی اور شروح لکھی گئی ہیں۔ اسی طرح اس کتاب کی احادیث کی تخریج پر بھی کئی کتب منظر عام پر آ چکی ہیں۔

[تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: اختر راہی، تذکرہ مصنفین درس نظامی، مکتبہ رحمانیہ لاہور، ۱۹۷۸ء، ص: ۷۴۔۷۶/ گنگوہی، محمد حنیف، ظفر المحصلین باحوال المصنفین، دارالاشاعت کراچی، ص: ۱۹۱۔۲۰۰]

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ ان الفاظ سے لگایا جا سکتا ہے۔ وہ اپنے شیخ کو لکھتے ہیں۔ ''خواہش ہے علماء وطلباء کے گروہ میں شامل ہو جاؤں اور تلویح کے مقدمات اربعہ کا تکرار کرتا رہوں نیز فقہ کی کتاب ہدایہ کا بھی

ذکر و تکرار کیا جاتا رہے" [مکتوبات امام ربانی، دفتر اول مکتوب:۸] اس پسندیدگی کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ فقہی مسائل کے استخراج و استنباط میں یقیناً یہ فقہی ذخیرہ پیش نظر رہتا ہوگا۔ ایک فقہی مسئلہ کے لئے اس کتاب کا حوالہ ان الفاظ میں دیا ہے۔

فی جامع الرموز فی بیان کفن المرأة و فی الهداية ......

[مکتوب امام ربانی، (فارسی) دفتر اول، مکتوب ۳۱۳، ص:۱۷۲]

(ii) فتح القدیر:

یہ ہدایہ کی مفصل شرح ہے جس میں حدیث کے حوالہ سے بڑی ہی چشم کشا بحثیں ہیں۔ علامہ کمال الدین محمد ابن ہمام (۷۹۰۔۸۶۱ھ) کتاب کے مؤلف ہیں لیکن وہ اس کتاب کو مکمل نہ کر سکے، اس لئے کتاب الزکاۃ تک ان کے قلم سے اور تکملہ قاضی زادہ شمس الدین احمد (م:۹۸۸ھ) کے قلم سے ہے۔ فتح القدیر پر ملا علی قاری نے حاشیہ لکھا اور علامہ ابراہیم (م:۹۵۶ھ) نے اس کی ایک جلد میں تلخیص کی ہے۔

[تذکرہ مصنفین درس نظامی، ص:۶۷/ معجم تراجم اعلام الفقہاء ص:۳۴۵/ قاموس الفقہ جلد اول ص:۳۸۳]

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے دفتر اول کے مکتوب ۳۱۲ میں رفع سبابہ پر بحث کرتے ہوئے بڑے ہی لطیف۔ پیرائے میں ابن ہمام پر نقد کیا ہے۔

"والعجب من الشيخ ابن الهمام انه قال وعن كثير من المشائخ عدم الاشارة وهو خلاف الرواية والدراية كيف نسب التجهيل الى العلماء المجتهدين المتمسكين بالقياس الذى هو الاصل الرابع من الشرع وهو ظاهر المذهب و ظاهر الرواية عند الحنفية و هذا الشيخ قد ضعّف حديث القلتين بالاضطراب الحاصل من كثرة اختلاف الرواة

[مکتوبات امام ربانی ص:۱۶۶]

(iii) حاشیہ شرح وقایہ:

یہ مولانا عصام الدین ابراہیم محمد اسفرائینی (م:۹۴۴) کا تحریر کردہ ہے۔ یہ صرف کتاب البیع تک لکھا گیا۔ علماء نے اس کو پسند کیا اور یہ مملکت روم میں متداول ہے۔ ۹۳۴ھ میں مصنف اس کی تسوید سے فارغ ہوئے۔

[جونپوری، عبدالاول، فقہ اسلامی، فرید بک سٹال، لاہور، ۲۰۰۰، ص: ۲۲۵]

(iv) فتاوی غیاثیہ:

غیاث الدین بلبن کی طرف منسوب ''فتاوی غیاثیہ'' کے مصنف شیخ داؤد بن یوسف الخطیب ہیں۔ ان کے احوال حیات کے بارے میں زیادہ معلومات دستیاب نہیں ہیں۔

فتاوی کا یہ مجموعہ مسائل فقہ حنفیہ کو محیط ہے اور اس میں ان افکار و آراء کو ضبط تحریر میں لایا گیا ہے جن میں حنفی فقہ کی توثیق و وضاحت ہوتی ہے۔ یہ مجموعہ دسویں صدی ہجری تک علماء و فقہاء میں متداول تھا وہ اس سے استفادہ کرتے۔

حضرت شیخ احمد سرہندی کے فقہی مسائل کا یہ بنیادی اور اہم ماخذ ہے۔ فقہاء کے اقوال آپ نے اس سے نقل کئے ہیں، ملاحظہ فرمائیں۔ دفتر اول مکتوب ۲۸۸ اور دفتر دوم مکتوب: ۵۴۔

[اس فتاوی کے تفصیلی تعارف کے لئے ملاحظہ فرمائیں: محمد اسحاق بھٹی، برصغیر پاک و ہند میں علم فقہ، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور۔ ۱۹۷۳، ص: ۳۳۔۶۰]

(v) الفتاوی التاتارخانیۃ:

یہ عالم بن علاء انصاری (م:۷۸۶ھ) کی تالیف ہے۔ کتاب کا اصل نام ''زاد المسافر'' ہے۔ مصنف اور تاتار خاں کے درمیان علمی سطح کے تعلقات پیدا ہوئے، تو ان مراسم کی بنا پر مصنف نے مقدمہ کتاب میں بھی تاتار خاں کا ذکر کیا اور کتاب اس سے منسوب کردی۔ ۷۷۷ھ میں مؤلف نے اس کتاب کو مکمل کیا۔

مصنف فتاوی نے اس میں المحیط، البرہانی، ذخیرہ، خانیہ، اور ظہیریہ کے مسائل جمع

Marfat.com

کر دیے ہیں۔ کتاب کی ترتیب ہدایہ کے ابواب کے مطابق ہے۔[برصغیر پاک وہند میں علم فقہ ۱۱۵_۱۲۵ ارفقہ اسلامی ص:۲۳۹_۲۴۰] اور ماٰ خذ کی تعداد تقریباً ۵۵ ہے۔ مکتوبات کے فقہی مسائل کا اہم ترین ماخذ یہ کتاب ہے۔ ملاحظہ فرمایئے: دفتر اول مکتوب: ۳۱۲، دفتر دوم مکتوب: ۵۴

[کتاب کے مزید تعارف کے لئے ملاحظہ فرمائیں۔ الفتاوی التاتارخانیہ جلد اول ص: ۲۳_۴۸]

یہ کتاب داراحیاء التراث العربی، بیروت سے ۲۰۰۴ء/۱۴۲۰ھ میں ۵ جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔

(vi) عمدۃ الاسلام:

شیخ عبدالعزیز بن حمید دہلوی دہلی کے ایک جید عالم تھے۔ ان کی یہ کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے جبکہ اکیاسی کتب سے فقہی مسائل کو نہایت عمدگی سے جمع کر دیا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی نے فقہی مسائل کے لئے عامۃ الناس کو اس کتاب کے مطالعہ کی تلقین فرمائی ہے [دفتر اول مکتوب ۱۹۳، ۲۹] یقیناً فارسی میں لکھی گئی یہ کتاب آپ کے زیر مطالعہ رہی ہوگی۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ ڈاکٹر سراج احمد قادری نے کیا ہے اور ۲۰۰۴ء میں انڈیا سے شائع ہو چکا ہے۔ اصل فارسی متن استنبول سے ۱۹۸۹ء میں شائع ہوا تھا۔

(vii) ترغیب الصلوۃ وتیسیر الاحکام

نماز کے احکام پر مشتمل یہ فقہی ذخیرہ محمد بن احمد زاہد البونی (م: ۶۳۲ھ/۱۲۳۴) کا مرتب کردہ ہے۔ اس مجموعہ کو ۱۰۶ مصادر سے ترتیب دیا گیا ہے، استنبول سے فارسی متن ۱۹۹۴ء میں شائع ہوا ہے۔ اس کتاب کے بارے میں حضرت مجدد نے فرمایا کہ ایسی کتابیں ہر وقت پاس رکھنی چاہئیں تاکہ شرعی مسائل پر عمل ہو سکے [دفتر سوم، مکتوب ۱۷]

نوٹ: مترجمین نے مکتوب مذکور سے ان کو دو کتابیں سمجھا اور یہ اشتباہ شیخ نور احمد امرتسری کے حاشیہ سے ہوا [ملاحظہ فرمائیں مکتوب مذکور کا حاشیہ جلد دوم، حصہ ہشتم ص: ۳۹] اور بعد میں سب مترجمین نے دو کتابیں سمجھ کر ترجمہ کیا۔ مطبوعہ نسخہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک ہی کتاب ہے۔

Marfat.com

کتب تصوف

فصوص الحکم اور فتوحات مکیہ

شیخ اکبر اور ابن عربی کے نام سے معروف شخصیت کا اصل نام محمد بن علی ہے۔ آپ کی ولادت ۱۷ رمضان المبارک ۵۶۰ھ/ ۲۸ جون ۱۱۶۵ء کو اندلس کے شہر مرسیہ میں ہوئی۔ آپ کا تعلق قبیلہ طے سے تھا، آپ کی ولادت کے حوالہ سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بشارت دی تھی اور ولادت پر آپ کے لئے دعا فرمائی۔ ۸۰ برس کی عمر میں آپ کا وصال ۲۸ ربیع الاول ۶۳۸ ز/ ۱۶ نومبر ۱۲۴۰ء، شب جمعہ کو ہوا۔ تصوف کی تاریخ میں آپ کے بارے میں عقیدت مندوں اور حاسدوں نے غلو اور تنقیص سے کام لیا۔ مگر حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا آپ کے علوم کے ساتھ انتہائی معتدل اور متوازن رویہ ہے۔ درج ذیل اقتباس ملاحظہ فرمائیں۔

''یہ عجیب معاملہ ہے کہ شیخ محی الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اللہ کے مقبول بندوں میں نظر آتے ہیں اور ان کے بیشتر علوم، جو اہل حق کی رائے کے خلاف ہیں، نادرست اور غلط معلوم ہوتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ کشفی غلطی میں معذوری ہے اور اجتہادی غلطی پر ملامت نہیں ہے۔ شیخ محی الدین کے بارے میں فقیر کا یہ ذاتی اعتقاد ہے کہ ان کو مقبولانِ الٰہی میں شامل سمجھتا ہے اور ان کے خلافی علوم کو غلط اور نقصان دہ خیال کرتا ہے۔ اس گروہ میں سے ایک جماعت ہے جو شیخ کو ملامت کرتی ہے، اور ان کے علوم کی غلطیاں بھی بیان کرتی ہے، اور دوسری جماعت ہے جو شیخ کی عقیدت مند ہے۔ اور ان کے تمام علوم کو صحیح خیال کرتی ہے اور دلائل و شواہد سے ان کا حق ہونا ثابت کرتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دونوں فریقوں نے افراط و تفریط کی راہ اختیار کی ہے اور اعتدال پر نہیں ہیں۔ شیخ جو اولیائے مقبولین میں سے ہیں۔ کس طرح کشفی خطا پر رد کیے جا سکتے ہیں، اور ان کے علوم، جو راہ صواب سے دور ہیں اور اہل حق کی رائے کے خلاف

Marfat.com

ہیں کس وجہ سے قابل تقلید خیال کیے جاسکتے ہیں۔[دفتر اول، مکتوب ۲۶۶]

آپ کی تصانیف کی فہرست ڈاکٹر محسن جہانگیری نے مرتب کی ہے۔جن کی تعداد ۵۱۱ بنتی ہے[جہانگیری، ڈاکٹر محسن، محی الدین عربی حیات وآثار، مترجم احمد جاوید، سہیل عمر، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور، ۱۹۸۹ء، ص۹۳۔۱۹۱] لیکن مکتوبات میں دو کے حوالے بکثرت ہیں۔ان کا اجمالی تعارف درج ذیل ہے۔

(i) فصوص الحکم:

محرم ۶۲۷ھ کے آخری عشرے میں دمشق میں پیغمبر ﷺ خواب میں یوں ظاہر ہوئے کہ آپ کے ہاتھ میں کتاب فصوص الحکم تھی اور آپ نے ابن عربی کو اسے لکھنے کا حکم دیا تاکہ لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ابن عربی نے بدل وجان فرمان نبوی ﷺ کی تعمیل کی اور پورے خلوص نیت سے آنحضرتؐ کے ارشاد کے مطابق بلاکم وکاست تحریر میں مشغول ہو گئے۔یہ کتاب تصوف وعرفان اسلامی میں نہایت اہم اور موثر ہے اور دوسری تمام کتابوں پر فوقیت رکھتی ہے۔اپنے زمان نگارش اور زمان اشاعت سے لے کر یہ مسلسل عرفان کے موافقین اور مخالفین دونوں کی مورد توجہ چلی آرہی ہے خصوصاً ان لوگوں کے لیے جنھیں ابن عربی کے عرفان سے مناسبت ہے۔بہت سوں نے اس کتاب پر شدید تنقید کی اور اس کے رد اور اس پر جرح کے لیے کتابیں لکھیں۔تاہم بہت سے لوگوں نے کتاب کو سراہا۔بہر حال مسلمانوں کے روحانی افکار کی تاریخ میں اس کتاب کی اثر اندازی ناقابل انکار ہے۔ایک مدت دراز تک دنیائے اسلام کی وسعتوں خاص طور پر سرزمین ایران میں عرفان نظری کی اہم درسی کتابوں میں شمار ہوتی رہی ہے اور مدتوں بڑے بڑے اہل علم استاد اور مدرس نہایت ذوق وشوق سے دانشگاہوں، درسگاہوں میں اعلیٰ سطح پر اس کی تعلیم وتدریس میں مشغول رہے ہیں۔ذی علم اور شارحین پورے اعتقاد اور یقین کے ساتھ نہایت دقت نظر

Marfat.com

سے اور دل لگا کر اس کی شرحیں کرتے رہے ہیں۔ نتیجۃً فصوص کی بہت سی شروح عربی، فارسی، ترکی اور دوسری اسلامی زبانوں میں منصۂ شہود پر آ گئیں جن کی تعداد محققین کی گنتی کے مطابق سو کو پہنچتی ہے جن میں معتبر ترین شرحیں شرح موید الدین جندی، عبدالرزاق کاشانی، داؤد قیصری، عبدالرحمٰن جامی، عبدالغنی نابلسی، رکن الدین شیرازی اور آخر میں ابوالعلی عفیفی ہیں۔

[لطیف اللہ، پروفیسر، تصوف اور سریت، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور، ۱۹۹۶، ص: ۸۰_۸۱]

بعض احباب نے اس کے اردو ترجمے پیش کرنے کی بھی کوشش کی ان میں عبدالغفور دوستی، مولوی سید مبارک علی اور محمد عبدالقدیر صدیقی شامل ہیں۔[ابن عربی، محمد بن علی، فصوص الحکم، مترجم محمد عبدالقدیر صدیقی، نذیر سنز پبلشرز لاہور، ۱۹۹۲، ص: مقدمہ از مترجم]

(ii) فتوحات مکیہ:

حضرت شیخ اکبر نے اس کتاب کا آغاز ۵۹۹ھ میں کیا، دفتر اول اس سال مکمل ہو گیا مگر کتاب کی تکمیل ۳۵ سال میں، وفات سے دو سال قبل ۲۴ ربیع الاول چہار شنبہ، ۶۳۶ میں ہوئی۔ یہ اپنے موضوع کی بلندی، افکار کی ندرت، زبان و بیان کی بلاغت جگہ جگہ کتاب و سنت سے استشہاد کی وجہ سے عقلوں کو شکار کرنے والی کتاب ہے۔ فتوحات مکیہ میں ارباب تصوف کے احوال و معاملات کی توضیح و تشریح وحدت الوجودی انداز فکر کے ساتھ کی گئی ہے۔ شیخ اکبر نے تمام اصول تصوف و عرفان، خصوصاً مسئلہ وحدت الوجود کو قواعد عقلی اور اصول علمی کی صورت میں پیش کیا ہے۔ فتوحات مکیہ کو تصوف کی جامع اور مبسوط کتاب تسلیم کیا گیا ہے۔ خود ابن عربی کا کہنا ہے کہ ماضی میں ایسی کتاب لکھی گئی نہ مستقبل میں لکھی جائے گی۔ اس کا مکمل اردو ترجمہ آج تک نہیں ہوا۔ مولوی فضل محمد خاں نے کچھ حصہ مکمل کیا تھا سیرت فاؤنڈیشن لاہور نے اسے شائع کیا۔ فاروق القادری آج کل اس کو

Marfat.com

اردو میں منتقل کر رہے ہیں۔[تفصیلات محمد فاروق القادری کے ترجمے کی پہلی جلد، ڈاکٹر محسن جہانگیری کی کتاب اور شمس بریلوی کے مقدمہ نفحات الانس سے لی گئی ہیں] اول الذکر کتاب (فصوص) ضخامت میں کم مگر ثانی الذکر سے زیادہ مقبول ہے۔)

حضرت شیخ مجدد الف ثانی کا تصوف کی دنیا میں یہ عظیم ترین کارنامہ ہے کہ ابن عربی کی ان کتابوں سے غلط نتائج اخذ کرنے والوں پر سخت تنقید کی، اور ابن عربی سے اصولی اختلافات کرتے ہوئے اپنی فکر کو مربوط انداز میں پیش کیا، لیکن حضرت شیخ اکبر کی اولیات اور مقام و مرتبہ کا اعتراف بھی برملا کیا۔

(iii) غنیۃ الطالبین:

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ (۴۷۰ھ۔۵۶۱ھ) کا علم وعرفان میں اعلیٰ ترین اور بلند ترین مقام کسی سے پوشیدہ نہیں۔ طالبان حق کی راہنمائی کے لئے جو راہنما خطوط آپ نے وضع فرمائے وہ آج بھی قابل تقلید ہیں۔ اسلامی اخلاق و تصوف اور آداب اسلامی پر بہترین کتاب ہے۔ اردو میں اس کے متعدد ترجمے شائع ہو چکے ہیں۔ بطور ماخذ مکتوبات میں اس کتاب، کا حوالہ دو جگہ آیا ہے۔ ایک مقام پر غنیہ کی ایک عبارت کی وضاحت کی ہے اور دوسری جگہ بدعتی گروہوں کی تفصیل بیان کی ہے۔

[مکتوبات امام ربانی، دفتر دوم، مکتوب ۶۷]

(iv) المُنقِذُ مِنَ الضَّلال:

امام غزالی کی یہ کتاب، آپ کے روحانی سفر کی داستان ہے۔ اس میں آپ نے فلسفیوں اور اہل کلام کی کمزوریوں کی نشاندہی کی ہے۔ اور وسعت مطالعہ، بصیرت اور ذاتی تجربہ کی بناء پر اپنے خیالات اور جذبات کو بیان کرنے میں انتہائی کامیاب رہے ہیں۔ اس مختصر رسالہ کو احیاء العلوم کی کلید کہا جا سکتا ہے۔ اس کتاب کا انگریزی ترجمہ سید حسن محمود

Marfat.com

کرمانی نے کیا جو مجلّہ ''معارف اولیاء'' میں شایع ہو چکا ہے۔

مکتوبات میں فلاسفہ کے رد میں امام غزالی کے افکار کو نقل کرنے کے حوالہ سے اسے بطور ماخذ استعمال کیا گیا ہے۔

(vi) لاحیاء علوم الدین

امام غزالی کی معرکۃ الآ را تصنیف، جس کی شہرت عالم اسلام کے ہر مکتب فکر میں ہے، خانقاہوں اور مدارس میں اس کی اثر انگیزی صدیاں گذرنے کے باوجود کم نہیں ہوئی۔ اس کتاب کے عنوانات پر غور کریں تو اندازہ ہوتا ہے کہ اس کا کوئی عنوان اسلام کی بنیادی تعلیمات سے ہٹ کر نہیں ہے جو اس بات کا مظہر ہے کہ تصوف میں عجمی یا غیر اسلامی عناصر کا کوئی دخل نہیں۔

محسوس ہوتا ہے کہ حدیث اور تصوف کے حوالے سے مختلف مضامین کے لئے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب کو ماخذ کے طور پر استعمال کیا ہے۔

(iv) عوارف المعارف

شیخ الاسلام شہاب الدین سہروردی (۵۳۹ھ۔۶۳۲ھ) کی نامور تصنیف جس کا شمار تصوف کی امہات کتب میں ہوتا ہے۔ اس کتاب کا ہر باب عموماً نص قرآنی سے شروع ہوتا ہے اس کے بعد اس کی تشریح فرماتے ہیں اور اس کی تائید میں آثار واخبار پیش فرماتے ہیں۔ ۶۳ ابواب پر مشتمل اس پوری کتاب کا تقریباً یہی اسلوب ہے۔ عربی زبان میں لکھی گئی اس کتاب کے فارسی، ترکی اور اردو زبانوں میں تراجم ہو چکے ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب کے متعدد اقتباسات نقل فرمائے، بعض مقامات پر ان کی تشریح کی اور حضرت شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کی آراء سے اختلاف بھی کیا۔ چند مقامات ملاحظہ فرمائیں۔

(دفتر اول، مکتوب: ۲۹۳) (دفتر سوم، مکتوب: ۹۰) (دفتر سوم، مکتوب: ۱۱۸)

(vii) نفحات الانس:

نورالدین عبدالرحمٰن جامی ۸۱۷ھ میں خراسان کے ایک قصبہ میں پیدا ہوئے۔ ۸۱ سال کی عمر میں ۸۹۸ھ میں ہرات میں وفات پائے۔ آپ کا شمار نقشبندی سلسلہ کے اکابرین میں ہوتا ہے۔ آپ کی عربی و فارسی زبان میں منظوم و منثور کتب کی تعداد ۴۸ ہے۔ درس نظامی کے طلباء میں آپ کی شہرت فوائد الضیائیہ فی شرح الکافیہ، جو شرح جامی کہلاتی ہے، سے ہے۔ آپ کی تصانیف میں ۸۰ فیصد کا موضوع عرفانیات ہے۔

آپ کی تصانیف میں سے نفحات الانس بھی مکاتیب امام ربانی کا ایک ماخذ ہے۔ یہ کتاب ۶۰۰ صوفیہ کے تذکار پر مشتمل ہے۔ یہ ایک جہت سے شیخ الاسلام خواجہ عبید اللہ ہروی کی کتاب طبقات الصوفیہ کا ترجمہ اور دوسری جہت سے مفید اضافہ جات کی وجہ سے ایک مستقل تصنیف کی حیثیت رکھتی ہے۔ آپ نے اس کو تین سال کی مدت میں ۸۸۳ھ میں مکمل کیا۔ اس کتاب کی ایک اہم خوبی یہ ہے کہ آپ نے صوفیہ کی تاریخ ہائے ولادت اور وفات رقم کرنے کا اہتمام کیا ہے، اس کتاب کا مقدمہ اسے دیگر طبقات صوفیہ کی کتب سے ممتاز کرتا ہے۔ اس مقدمہ میں آپ نے تصوف کے اہم مسائل اور مشہور و معروف مصطلحات کو بڑی صراحت سے بیان کر دیا ہے۔ اس سے قاری کے لئے اس فن کی کتب سمجھنے میں آسانی و سہولت ہوتی ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے صوفیہ کے اقوال و احوال کے نقل میں اسے بطور ماخذ ہی استعمال نہیں کیا بلکہ اس کے بعض مقامات کی تشریح و تفصیل بھی بیان کی ہے۔ لیکن غالباً دفتر اول ہی میں اس کتاب کے حوالہ جات آئے ہیں۔ اس کے لئے ایک عبارت ملاحظہ فرمایئے۔

مکتوب ۲۰۰ میں ملا شکیبی کو جواب تحریر فرماتے ہوئے ابتدا میں لکھتے ہیں۔ ”آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ نفحات کی مغلق اور مشکل عبارات کی شرح فرما دیں اس بنا پر چند کلمے لکھنے کی جرأت کرتا ہوں“۔

مکتوبات امام ربانی کے شعری مآخذ

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ نے مکتوبات میں مناسب مقامات پر ضرورت کے مطابق فارسی اور عربی اشعار کو بھی نقل کیا ہے۔ آپ کو شعری ذوق غالباً اپنے استاذ حدیث شیخ یعقوب کشمیری سے ملا، اس ذوق کا نتیجہ ہے کہ مکتوبات میں فارسی اور عربی کے معروف شعراء کے تقریباً ۲۵۰ فارسی اور عربی کے ۳۰، اشعار موجود ہیں۔ بلکہ اس جہت سے مکتوبات کا مطالعہ کریں تو یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ بعض اشعار حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ کے ہیں۔ راقم نے جناب آغا عمر جان دامت برکاتہم العالیہ سے اس حوالہ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ آپ نے شعر نہیں کہے مگر مکتوبات میں اس بات کا اشارہ موجود ہے کہ آپ نے اشعار کہے ضرور مگر بہت ہی کم۔ آپ کا یہ ذوق آپ کے خاندان کے افراد اور سلسلہ عالیہ سے وابستہ لوگوں میں منتقل ہوا تو شیخ عبدالاحد...... آپ کے پوتے...... ''استاد شعر ریختہ'' قرار پائے اور حضرت مظہر جان جاناں اردو غزل کے ''نقاش اول'' ٹھہرے۔ ان افراد نے شعری ادب کی تطہیر کا وہ فریضہ انجام دیا کہ اردو زبان کو مجددی اصحاب کے اس سعی کا شکر گذار ہونا چاہیے اور اردو زبان و ادب کی تاریخ لکھنے والوں نے اس کا اعتراف بھی کیا ہے۔

اس مضمون میں ان فارسی اور عربی اشعار کو نقل کیا گیا ہے جو مکتوبات میں مختلف مقامات پر درج ہوئے ہیں۔ بعض اشعار کئی مقامات پر نقل ہوئے ہیں یہاں ان کا صرف ایک مقام سے حوالہ دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں اس بات کا اہتمام بھی کیا کہ اشعار کی تخریج ہو سکے۔ اگر کسی شعر کا ایک مصرعہ مکتوبات میں نقل ہوا تو اصل کتاب کی مدد سے حوالہ کے ساتھ اس کا دوسرا حصہ بھی نقل کر دیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے ضمیمہ سوم

(i) مثنوی:

جلال الدین محمد رومی (۱۲۰۸/۶۰۴ھ) بلخ میں پیدا ہوئے۔آپ کا سلسلہ نسب حضرت ابوبکر صدیق سے جا ملتا ہے۔مولائے روم کی شہرت ''مثنوی'' سے ہے۔جسے آپ نے حسام الدین کی فرمائش پر لکھا۔آپ کی اس مثنوی کو جو شہرت ملی وہ فارسی زبان کی کسی اور کتاب کو نہ مل سکی۔اس مثنوی کی بنیاد پر آپ کے افکار پر اتنا کام ہوا کہ اسے الگ سے ''رومی شناسی'' کہا جاتا ہے۔ترکی، ایران، کے ماہرین رومی Rumio logists نے جتنا کام کیا اردو میں اس کے مقابلہ میں نہ ہونے کے برابر ہے، ''مثنوی معنوی'' کو ''قرآن بزبان فارسی'' کہا جاتا ہے۔غالباً صوفیانہ ادب کی واحد کتاب ہے جس کے شروح تراجم، اور طباعتوں کی اتنی کثیر تعداد ہے کہ ان پر مشتمل ایک ترک رومی شناس محمت اوندر نے دو جلدوں پر ایک جامع کتابیات کی فہرست مرتب کی ہے۔مغرب میں مثنوی نکلسن (م:۱۹۴۵) کی کوششوں سے پہنچی۔[تفصیلات کے لئے دیکھئے، محمد اکرم چغتائی (مرتب)، مولانا جلال الدین رومی حیات وافکار، سنگ میل لاہور، ۲۰۰۴ء/ افضل اقبال، ڈاکٹر، مولانا رومی حیات وافکار، مترجم، بشیر محمود اختر، ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور، ۱۹۹۱]

مکتوبات امام ربانی کا ایک اہم ماخذ دنیائے علم وعرفان کی یہ معروف مثنوی بھی ہے۔چونکہ مولانا رومی کے اشعار عرفانیات کے موضوع پر بے مثال ہیں، فلسفہ کی بے بسی و بے کسی کی تصویر ان میں جھلکتی ہے، اور سمجھانے کا اسلوب دل نشین ہے اس لئے مکاتیب میں بکثرت موقع محل کی مناسبت سے اشعار مثنوی نقل کئے گئے ہیں۔

(ii) دیوان حافظ

شمس الدین محمد حافظ (۷۲۶ھ-۷۹۲ھ) اصفہان کے رہنے والے تھے۔ فارسی شعراء میں بلند مقام کے حامل شاعر ہیں۔کلام میں آفاقیت کے مضامین کے ساتھ

ساتھ تصوف وسلوک کا تذکرہ بھی ملتا ہے۔ آپ کے کلام میں تصوف کی اصطلاحات بکثرت ملتی ہیں۔

اقبال بھی ایک جہت سے حافظ سے متاثر ہیں لکھتے ہیں: ''جب میں حافظ کے رنگ میں ہوتا ہوں تو اس کی روح میرے اندر حلول کر جاتی ہے اور میری شخصیت اس کے اندر جذب ہو جاتی ہے اور میں خود حافظ بن جاتا ہوں''۔ [ایرانی ادب۔ ص: ۱۶۷۔۱۶۸]

انہیں عرفانی مضامین کی بنیاد پر حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کے اشعار مکتوبات میں نقل فرمائے۔

(iii) کلیات عراقی:

شیخ فخر الدین ابراہیم عراقی (۶۱۰ھ۔۶۸۸ھ) ھمدان کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ خواجہ بہاء الدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ اور داماد تھے محی الدین ابن عربی کے نظریہ تصوف کے پر جوش حامی تھے اور آخری آرام گاہ بھی انہیں کے پہلو میں بنائی گئی۔

عراقی صرف شاعر نہ تھے ایک بہت بڑے عارف اور صوفی بھی تھے۔ شاعری کے ذریعہ اپنی اس فکر کی ترویج وتبلیغ کی۔ اسی وجہ سے مکتوبات میں آپ کے اشعار حضرت شیخ سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمائے۔ (ظہور الدین احمد، ڈاکٹر، ایرانی ادب، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان ۱۹۹۶ ص: ۱۵۳۔۱۵۷)

(iv) قصیدہ بردہ:

امام شرف الدین محمد بن سعید بوصیری (۶۰۹ھ۔۶۹۶) دنیائے عشق ومحبت کی نامور حدی خواں ہیں نوعمری ہی سے شاعری کا شوق تھا۔ فالج کا عارضہ لاحق ہوا تو بارگاہ رسالت مآب میں ہدیہ نعت پیش کیا جو انعام نبوی کی بناء پر قصیدہ بردہ کے نام سے معروف ہوا۔ مگر اس کا اصل نام الکواکب الدریۃ فی مدح خیر البریۃ ہے۔ اس قصیدہ کے تراجم

Marfat.com

دنیا کی اکثر زبانوں میں ہو چکے ہیں اور اردو، عربی، فارسی میں کئی شروح لکھی جا چکی ہیں۔

قصیدہ کے اشعار کی تعداد ۱۶۲ ہے۔

[تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمایئے۔ عبدالحکیم شرف قادری، تقدیم قصیدہ بردہ شریف مکتبہ قادریہ لاہور، ۲۰۰۴ ص: ۳۔۳۳؛ سید محمد احمد قادری، طیب الوردہ شرح قصیدہ بردہ شریف، ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۸، ص: ۶۔۳۹]

حضرت مجدد الف ثانی نے دو مقامات پر قصیدہ بردہ کے اشعار نقل کیے ہیں۔

Marfat.com

ضمیمہ جات

﴿ آیات، احادیث، اشعار ﴾

Marfat.com



Marfat.com

ضمیمہ اول: آیاتِ قرآنی

1۔ ثُمَّ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰھِیْمَ حَنِیْفًا ؕ وَ مَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ﴿۱۲۳﴾
(النحل) (دفتر سوم، مکتوب: ۸۸)

2۔ وَ اِذْ قَالَ رَبُّکَ لِلْمَلٰٓئِکَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْھَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْھَا وَ یَسْفِکُ الدِّمَآءَ ۚ وَ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَ نُقَدِّسُ لَکَ ؕ قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ (بقرہ)
(دفتر دوم، مکتوب: ۹۶)

3۔ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿ۙ۹۵﴾ وَ اللّٰهُ خَلَقَکُمْ وَ مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ (الصافات) (دفتر دوم، مکتوب: ۹)

4۔ وَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَیْھَآ اٰبَآءَنَا وَ اللّٰهُ اَمَرَنَا بِھَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ (اعراف) (دفتر سوم، مکتوب: ۱۲۲)

5۔ اَتٰٓی اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ﴿۱﴾ (النحل) (دفتر دوم مکتوب: ۱۰)

6۔ قُلْ ھٰذِهٖ سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْٓا اِلَی اللّٰهِ ؔ عَلٰی بَصِیْرَةٍ اَنَا وَ مَنِ اتَّبَعَنِیْ ؕ وَ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ مَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ (یوسف) (دفتر اول، مکتوب: ۲۹۰)

7۔ وَ قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ﴿۶۰﴾ (المومن) (دفتر اول مکتوب: ۶)

8۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿ۙ۱﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَ حُقَّتْ ﴿ۙ۲﴾ (انشقاق)
(دفتر اول، مکتوب: ۲۶۶۔ دفتر سوم، مکتوب: ۵۷)

9۔ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿ۙ۱﴾ وَ اِذَا الْکَوَاکِبُ انْتَثَرَتْ ﴿ۙ۲﴾ (انفطار) (دفتر سوم، مکتوب: ۵۷)

10۔ اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ ﴿۪ۙ۱﴾ وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْکَدَرَتْ ﴿۪ۙ۲﴾ وَ اِذَا الْجِبَالُ سُیِّرَتْ ﴿۪ۙ۳﴾ (تکویر)
(دفتر اول مکتوب: ۲۶۶۔ دفتر سوم، مکتوب: ۵۷)

11۔ وَ اِذْ قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْکُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَھُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا ھٰذَا

Marfat.com

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶﴾ (الصّف) (دفتر سوم، مکتوب:۹۶)

12۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾

(النساء) (دفتر سوم، مکتوب:۱۵۲)

13۔ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ (سبا) (دفتر سوم، مکتوب:۱۰۴)

14۔ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ۡ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۭ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ۭ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاۗءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۵﴾ (بقرۃ)

(دفتر اول، مکتوب،۸۰)

15۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ (المومنون) (دفتر اول، مکتوب:۹۸)

16۔ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰي عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰي سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰي بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ (جاثیہ) (دفتر اول، مکتوب:۱۵۴)

17۔ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ۚ (یونس)

(دفتر اول، مکتوب:۲۶۔ دفتر سوم، مکتوب:۳۳)

18۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَاۗدُّوْنَ مَنْ حَاۗدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ اَوْ اَبْنَاۗءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ (مجادلہ) (دفتر دوم، مکتوب، ۲۳)

19۔ اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ ۭ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾ (حم السجدۃ)

(دفتر سوم، مکتوب:۳۲)

Marfat.com

20- اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ؕ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَ حُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ (رعد) (دفتر اول، مکتوب:۲۶۶۔ دفتر اول مکتوب:۹۲)

21- اَلَا لِلّٰهِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ ؕ وَ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِیُقَرِّبُوْنَاۤ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَحْكُمُ بَیْنَهُمْ فِیْ مَا هُمْ فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ؕ۬ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ﴿۳﴾ (زمر)

(دفتر اول مکتوب:۱۰۹۔ دفتر اول، مکتوب:۱۷۱۔ دفتر اول، مکتوب:۱۷۴۔ دفتر اول، مکتوب ۲۴۳)

22- اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّ نِفَاقًا وَّ اَجْدَرُ اَلَّا یَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۹۷﴾ (توبہ) (دفتر اول، مکتوب:۴۴۔ دفتر اول، مکتوب ۷۹)

23- وَ نَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَ مَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْ لَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَ نُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ (اعراف)

(دفتر اول مکتوب:۱۹۱۔ دفتر اول مکتوب ۲۴۸۔ دفتر اول مکتوب:۲۵۱)

24- اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ (انعام)

(دفتر اول، مکتوب:۲۶۶)

25- الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ وَ هُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ (انبیاء)

(دفتر اول، مکتوب:۳۰۲)

26- الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ (بقرۃ)

(دفتر دوم، مکتوب:۹۹)

27- اَلزَّانِیَةُ وَ الزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّ لَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَ لْیَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآىِٕفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲﴾ (نور)

(دفتر سوم، مکتوب:۴۱)

28- وَ اِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِیْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَ اَشْهَدَهُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ

Marfat.com

قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ۝ (اعراف)

(دفتر سوم، مکتوب: ۹۲۔ دفتر سوم مکتوب: ۱۱۸)

29۔ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ (بقرۃ) (دفتر اول، مکتوب: ۲۶۶)

30۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ (سجدہ) (دفتر سوم، مکتوب: ۱۷)

31۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ (نور) (دفتر اول، مکتوب: ۲۳۴)

32۔ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ (بقرۃ)

(دفتر دوم، مکتوب: ۵۰)

33۔ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ (زمر)

(دفتر سوم، مکتوب: ۳۱)

34۔ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ۝ (شوریٰ)

(دفتر اول، مکتوب: ۱۹۲۔ دفتر دوم مکتوب: ۴۶)

35۔ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ ۢ بَصِيْرٌ ۝ (الحج)

(دفتر اول، مکتوب: ۲۶۶)

36۔ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا

Marfat.com

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ (زمر) (دفتر سوم، مکتوب: ۲۴)

37- اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۝ (فرقان) (دفتر سوم، مکتوب: ۱۰۹)

38- اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۟ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۝ (المومن) (دفتر اول، مکتوب: ۲۶۶)

39- اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ۭ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ (زمر) (دفتر دوم، مکتوب: ۲۳)

40- وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (ہود) (دفتر اول، مکتوب: ۲۲۱)

41- حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۟ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (مائدة) (دفتر اول، مکتوب ۲۶۰)

42- وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰي وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ۭ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ (لقمان) (دفتر اول، مکتوب: ۱۲۷)

43- يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ۭ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝ (حجرات) (دفتر سوم، مکتوب: ۱۲۷)

44- كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝ (العلق) (دفتر دوم مکتوب: ۶۲)

45- اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰي نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ (فتح) (دفتر اول، مکتوب: ۲۷۲)

46- اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا

Marfat.com

مُّهِيْنًا (احزاب) (دفتر اول، مکتوب:۲۵۱۔ دفتر اول، مکتوب:۲۶۶)

47۔ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ (العنکبوت) (دفتر اول، مکتوب:۸۵)

48۔ وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا (النجم) (دفتر دوم، مکتوب:۶۸)

49۔ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (الحدید) (دفتر اول، مکتوب:۲۹۱)

50۔ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ (محمد) (دفتر سوم مکتوب:۲۳)

51۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا (النساء) (دفتر سوم، مکتوب:۳)

52۔ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ (الرعد) (دفتر اول، مکتوب:۳۲)

53۔ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (العنکبوت) (دفتر اول، مکتوب:۲۰۸)

54۔ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (بقرۃ) (دفتر دوم، مکتوب:۹۹)

55۔ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا (النساء) (دفتر سوم، مکتوب:۸۹)

56۔ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ (النمل) (دفتر سوم، مکتوب:۸۱)

57۔ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۚ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ

Marfat.com

مَقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ
وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ (آل عمران) (دفتر دوم، مکتوب: ۷۲)

58۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ
بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ (الحجرات) (دفتر اول، مکتوب: ۳۰۔ دفتر ب اول، مکتوب: ۱۰۷)

59۔ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ
بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ
بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ (النجم) (دفتر اول، مکتوب: ۲۳۹۔ دفتر سوم، مکتوب: ۲۸)

60۔ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ (اعراف) (دفتر اول، مکتوب: ۲۶۶)

61۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿۱﴾ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ
مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَ
لٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿۲﴾ (الحج) (دفتر اول، مکتوب: ۷۴)

62۔ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ﴿۳﴾ (الکوثر) (دفتر اول، مکتوب: ۲۵۶)

63۔ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ (الحجر)

(دفتر سوم، مکتوب: ۱۱۷)

64۔ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ﴿۸﴾ (الطور) (دفتر اول، مکتوب: ۳۰۲)

65۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ (قٓ)

(دفتر سوم، مکتوب: ۱۱۷)

66۔ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ
شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾ (النساء) (دفتر اول، مکتوب: ۱۷۴)

67۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَ

تَصۡفَحُوۡا وَ تَغۡفِرُوۡا فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۱۴﴾ (التغابن) (دفتر اول، مکتوب: ۱۳۸)

68۔ اِنَّ ھٰذِہٖ تَذۡکِرَۃٌ ۚ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیۡلًا ﴿۱۹﴾ (مزمل) (دفتر اول، مکتوب: ۲۷۵)

69۔ وَ اَنَّ ھٰذَا صِرَاطِیۡ مُسۡتَقِیۡمًا فَاتَّبِعُوۡہُ ۚ وَ لَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِکُمۡ عَنۡ سَبِیۡلِہٖ ؕ ذٰلِکُمۡ وَصّٰکُمۡ بِہٖ لَعَلَّکُمۡ تَتَّقُوۡنَ ﴿۱۵۳﴾ (انعام) (دفتر اول، مکتوب: ۴۱)

70۔ اِنۡ یَّمۡسَسۡکُمۡ قَرۡحٌ فَقَدۡ مَسَّ الۡقَوۡمَ قَرۡحٌ مِّثۡلُہٗ ؕ وَ تِلۡکَ الۡاَیَّامُ نُدَاوِلُہَا بَیۡنَ النَّاسِ ۚ وَ لِیَعۡلَمَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ یَتَّخِذَ مِنۡکُمۡ شُہَدَآءَ ؕ وَ اللّٰہُ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۱۴۰﴾ۙ وَ لِیُمَحِّصَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ یَمۡحَقَ الۡکٰفِرِیۡنَ ﴿۱۴۱﴾ (آل عمران) (دفتر دوم، مکتوب: ۹۹)

71۔ وَ یَسۡتَعۡجِلُوۡنَکَ بِالۡعَذَابِ وَ لَنۡ یُّخۡلِفَ اللّٰہُ وَعۡدَہٗ ؕ وَ اِنَّ یَوۡمًا عِنۡدَ رَبِّکَ کَاَلۡفِ سَنَۃٍ مِّمَّا تَعُدُّوۡنَ ﴿۴۷﴾ (الحج) (دفتر سوم، مکتوب: ۳۸)

72۔ اِنَّاۤ اَخۡلَصۡنٰہُمۡ بِخَالِصَۃٍ ذِکۡرَی الدَّارِ ﴿ۚ۴۶﴾ وَ اِنَّہُمۡ عِنۡدَنَا لَمِنَ الۡمُصۡطَفَیۡنَ الۡاَخۡیَارِ ﴿ؕ۴۷﴾
(ص) (دفتر سوم، مکتوب: ۱۰۰)

73۔ اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ﴿ؕ۱﴾ (الکوثر) (دفتر اول، مکتوب: ۲۷۲)

74۔ قُلۡ مَنۡ یَّرۡزُقُکُمۡ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰہُ ۙ وَ اِنَّاۤ اَوۡ اِیَّاکُمۡ لَعَلٰی ہُدًی اَوۡ فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۲۴﴾ (سبا) (دفتر سوم، مکتوب: ۳۲)

75۔ قَالَ مَا مَنَعَکَ اَلَّا تَسۡجُدَ اِذۡ اَمَرۡتُکَ ؕ قَالَ اَنَا خَیۡرٌ مِّنۡہُ ۚ خَلَقۡتَنِیۡ مِنۡ نَّارٍ وَّ خَلَقۡتَہٗ مِنۡ طِیۡنٍ ﴿۱۲﴾ (اعراف) (دفتر دوم، مکتوب: ۹۸)

76۔ اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ الۡجِبَالِ فَاَبَیۡنَ اَنۡ یَّحۡمِلۡنَہَا وَ اَشۡفَقۡنَ مِنۡہَا وَ حَمَلَہَا الۡاِنۡسَانُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ ظَلُوۡمًا جَہُوۡلًا ﴿ۙ۷۲﴾ (احزاب) (دفتر اول، مکتوب: ۲۸۷)

77۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ ﴿۱۵۶﴾ؕ (بقرہ)
(دفتر اول، مکتوب: ۲۹۹۔ دفتر دوم، مکتوب: ۱۴۔ دفتر سوم، مکتوب: ۱۷)

